زَوال الِاشتباہ
فِی مَا اھل بہ لِغَیْرِ اللّٰہ

اَلمعْرُوف

تفسِیر مَا اہل بہ لغیرُ اللّٰہ

ذخیرہ
3196

اَز افاضات

شیخ الحدیث وَالتفسیر مفتی اعظم سندھ

الحاج محمد عبداللہ نعیمی شہید رحمۃ اللہ علیہ

(ترتیب و تعلیق)

ابنِ عبداللہ غلام محمد نعیمی ایم۔اے

مہتمم دارالعلوم مجددیہ نعیمیہ ملیر کراچی

شائع کردہ

مکتبۂ مجددیہ نعیمیہ ملیر کراچی ۳۷

Marfat.com

86333

Marfat.com

زوال الاشتباہ
فی ما اھل بہ لغیر اللہ

المعروف

تفسیر ما اہل بہ لغیر اللہ

مؤلف

شیخ الحدیث والتفسیر مفتیٔ اعظم سندھ

پیر طریقت الحاج مفتی محمد عبداللہ نعیمی شہید رحمۃ اللہ علیہ

ترتیب و تعلیق

ابنِ محمد عبداللہ ــ غلام محمد نعیمی ایم اے

مہتمم دارالعلوم مجددیہ نعیمیہ ملیر

ناشر:۔ مکتبۂ مجددیہ نعیمیہ ملیر

صفحات: ۴۰ طباعت: باراول۔ جون ۱۹۸۶ء

تعداد: ایک ہزار ــ قیمت:

Marfat.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب _____ تفسیر ما اہل بہ لغیر اللہ

ناشر _____ مکتبہ مجددیہ نعیمیہ کراچی

مطبع _____ ملیر گولڈن پرنٹنگ پریس

صفحات _____ ۴۸

قیمت _____ ۶ روپے

Marfat.com

تفسیر

مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ

از افاضات

شیخ الحدیث والتفسیر مفتی اعظم سندھ

پیر طریقت

الحاج محمد عبداللہ نعیمی شہید رحمۃ اللہ علیہ

ترتیب وتعلیق

ابن عبداللہ غلام محمد نعیمی ایم اے

مہتمم دارالعلوم مجددیہ نعیمیہ ملیر کراچی

شائع کردہ

مکتبۂ مجددیہ نعیمیہ ملیر کراچی نمبر ۳۷

فون نمبر: 401491-400228

Marfat.com

پیش لفظ

نحمدہٗ ونصلی ونسلم علیٰ رسولہ الکریم

امّا بعد!

قرآنِ مجید میں انتیسویں پارے کی سورۃ دھر میں اللہ تعالیٰ نے اپنے نیکوکار بندوں کے متعلق ارشاد فرمایا ہے کہ یوفون بالنذر وہ نذر کو پورا کرتے ہیں۔ اس طرح آگے فرماتا ہے

وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلَىٰ حُبِّهِ مِسْكِينًا وَيَتِيمًا وَأَسِيرًا

وہ لوگ اللہ کی محبت میں مسکین یتیم اور قیدی کو کھانا کھلاتے ہیں اور پھر ان سے کہتے ہیں کہ

إِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللَّهِ لَا نُرِيدُ مِنكُمْ جَزَاءً وَلَا شُكُورًا

ہم تو تمھیں صرف اور صرف اللہ کی رضا کے لئے کھانا کھلاتے ہیں نہ تو تم سے کسی بدلے کا مطالبہ کرتے ہیں اور نہ کسی شکریہ کا۔

مندرجہ بالا آیات اور ایسی ہی دیگر آیاتِ مبارکہ کی روشنی میں جس نیکی کا تصور ملتا ہے اس کے معنیٰ اور مفہوم اظہر من الشمس ہے نیکی کسی بھی قسم کی ہو۔ بہرحال وہ نیکی ہی ہے اور اگر وہ اللہ کی رضا کے لئے کی جاتی ہے تو بندے کے لئے اس کا اجر و ثواب ضرور بنتا ہے۔ یہی بات تو آٹھویں سپارے میں فرمائی گئی ہے کہ۔

مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ أَمْثَالِهَا

جو ایک نیکی بارگاہ ایزدی میں لائے گا تو اس کو اس جیسی دس نیکیوں کا اجر حاصل ہوگا اس طرح راہ خدا میں پیسہ پائی خرچ کرنے کا ثواب جو حاصل ہوتا ہے اس کی مثال گندم کی بالیوں سے دی گئی ہے۔ جس میں سات سات سو گنا اجر ملنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ یہی نیکی کا ثواب ملنے کے

Marfat.com

مسلمان مختار ہے۔ وہ جس کو بھی چاہے اپنا وہ ثواب منتقل کر سکتا ہے۔ یہی ایصالِ ثواب کا تصور بھی ہے۔ تمام نیکیوں کا جب جائزہ لیا گیا تو اس میں راہِ خدا میں حلال جانور کا خون بہانے کا اجر بھی بڑی اہمیت کا حامل بنا۔ خواہ وہ قربانی کی صورت میں ہو یا صدقے کی صورت میں ہو۔ راہِ الٰہی میں اس کی بڑی اہمیت ہے۔ بلکہ ذی الحج کی دس، گیارہ اور بارہ تاریخوں میں تو اس نیک عمل کا ثواب سب سے زیادہ بتایا گیا ہے۔ اس لئے کہ بندہ اپنے محبوب اور چہیتے جانور کو اپنے ہاتھوں سے قربان کر کے سنت ابراہیمی میں عمل پیرا ہوتا ہے۔ اور اس وقت بسم اللہ، اللہ اکبر کہہ کر اپنے جانور کو اپنے رب کی راہ میں قربان کرتا ہے۔ اور بلند آواز سے بسم اللہ، اللہ اکبر کہتے ہوئے جانور قربان کرنے کا جو تصور ملتا ہے اس کو اھلال کہا جاتا ہے۔ اور اسی سے ہمیں یہ سبق ملا کہ جانور صرف اللہ اور اللہ ہی کے نام پر ذبح کیا جائے۔ اگر اس جانور پر اس کو ذبح کرنے کے وقت اللہ کے سوا کسی اور کا نام پکارا گیا تو پھر وہ جانور ہرگز حلال نہ ہوگا۔ اسی کو آیت قرآنیہ میں فرمایا گیا کہ وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ۔ یعنی وہ جانور جو غیر اللہ کے نام سے ذبح کیا جائے وہ جانور حرام ہے۔

اپنی اپنی سوچ کا پھیر ہے اور یہ اتنا اہم مسئلہ ہے کہ اس کو بعض لوگوں نے ذبح کے وقت کے قید سے آزاد کرتے ہوئے ہر وقت سے ساتھ لفظ غیر اللہ کو شامل کر دیا حالانکہ موٹی سے موٹی عقل والا آدمی بھی اس بات سے اتفاق نہیں کرے گا کہ کسی بھی چیز پر اگر کسی کا نام رکھ دیا گیا اور اس چیز کو اس شخص کے ساتھ منسوب کر دیا گیا تو وہ چیز حرام ہو گئی۔ ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا۔ لوگوں نے اس مسئلے کو آڑ بنا کر اپنے باطل عقیدوں کی خوب اچھی طرح سے پرچار کی۔ اور ہر شخص کو کافر و مشرک بنانے کی کوشش کی۔ اگر کسی نے گیارھویں کی اور اس موقع پر جانور قربان کیا تو بس وہ بھی کافر ہو گیا (نعوذ باللہ) کسی نے حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کی خوشی میں رب کی راہ میں اسی کے نام پر بسم اللہ اللہ اکبر کہہ کے جانور قربان کیا تو بس ان کے عقیدے کے مطابق وہ جانور بھی حرام ہو گیا اور اس کا گوشت بھی حرام ہو گیا (نعوذ باللہ)

ذرا سوچئے تو سہی کہ اللہ نے حرام نہیں کیا۔ اس کے رسول نے حرام نہیں کیا تو انھوں نے کیا جن کو نہ حرام کرنے کا حق حاصل ہے اور نہ کسی حرام کو حلال کرنے کا حق حاصل ہے۔ خدا جانے

Marfat.com

کب سے انھوں نے یہ ڈیوٹی سنبھالی ہے۔ حالانکہ ایک مسلمان یہ جرارت نہیں کرسکتا کہ اللہ کے حلال کردہ چیزوں کو حرام کرتا پھرے۔ اور اس کی حرام کردہ چیزوں کو حلال کرتا پھرے۔ ایسے لوگوں کے باطل عقیدوں کی وجہ سے مسلمانانِ عالم میں زبردست انتشار پیدا ہوجو کہ مسلمانوں کے افتراق اور اختلاف کا سبب بنا۔ ایسے لوگوں کی وجہ سے مسلمانانِ عالم سخت مخمصے میں مبتلا ہوئے کہ کدھر جائیں کس کی بات سنیں کس کو سچا جانیں۔ مگر جن کو اللہ تعالیٰ نے عقل سلیم سے مالا مال فرمایا ہے۔ انھوں نے جب غور و فکر کیا تو انھیں قرآن و سنت کی روشنی میں اس کا واضح جواب ملا۔ اور ان باطل نظریات رکھنے والوں کا بطلان اور سازش معلوم ہوئی۔ انھوں نے قرآن و سنت کو اپنا رہبر اور راہنما بنایا۔ اور جن لوگوں نے جن بزرگوں نے، جن اکابرین اسلام نے قرآن و سنت کی روشنی میں اس مسئلے میں غور و فکر کیا ان کے اقوال سے رہنمائی حاصل کی۔ ایسے ہی حضرات میں ہمارے آقا، ہمارے سرپرست، ہمارے والد بزرگوار مفتی اعظم سندھ شمس الفقہا پیر طریقت الاساتذہ رہبر شریعت، حامی سنت، ماحی بدعت استاذ حضرت الحاج مفتی محمد عبداللہ نعیمی شہید نور اللہ مرقدہٗ بھی ہیں۔ جنھوں نے اپنی مبارک زندگی میں جہاں اور عقائد باطلہ کا رد کیا اور اپنی تحریر و تقریر سے ایسے دشمنانِ دین و مذہب و ملت کو دندان شکن جواب دیا۔ وہیں وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ کے مسئلے پر بھی بڑی تفصیل اور تحقیق کے ساتھ بڑی آسان فہم زبان بچاس حوالوں کے ساتھ اس کا جواب دیا اور باطل عقیدے پرچار کرنے والے عزائم کو خاک میں ملا دیا۔

حضرت والد ماجد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا یہ نبتوی جو کہ ایک رسالے کی شکل میں اپنے معزز قارئین اور ناظرین کی خدمت میں پرخلوص جذبات کے ساتھ پیش کرنے کی سعادت حاصل کی جارہی ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اپنے پیارے حبیب ہم سے آقا و مولا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلے جلیلہ سے اور ہمارے بزرگوں ہمارے پیر طریقت حضرت خواجہ محمد اشرف دلیھڑانی کے وسیلے سے ہمارے اس سعی کو قبول فرمائے۔ اور عوام اہل سنت کے لئے اس کو مفید بنائے۔ اور ان کو مسلک حقہ اہل سنت والجماعت کے عقائد صحیحہ پر ثابت قدم رکھے۔

حضرت والد محترم رحمۃ اللہ علیہ کی شخصیت اب محتاج تعارف نہیں رہی ہے اس لئے کہ انھوں نے اپنے مبارک زندگی میں دین متین اور اپنے سچے مسلک اہل سنت کے سلسلے میں

Marfat.com

اور عوام اہل سنت کے اتحاد اور اتفاق کے سلسلے میں جو خدمات جلیلہ انجام دیں وہ کسی سے پوشیدہ نہیں۔

قبلہ والد بزرگوار گدڑی میں لعل تھے۔ ایسا لگتا ہے کہ وہ اپنے مبارک آستینوں میں ید بیضا لئے بیٹھے تھے ان کی زندگی میں کوئی ان کی وہ قدر نہ کر سکا جو کہ کرنی چاہیئے تھی لیکن اس کے باوجود بھی انھوں نے اس طرف ذرا بھی توجہ نہ دی۔ اس لئے کہ وہ تو اپنے رب کے کام میں مصروف تھے۔ انھوں نے ۱۹۶۰ء میں ملیر کے ایک گوشے میں دینی خدمت کا جو پودا لگایا تھا۔ ۳۰ جولائی ۱۹۸۲ء تک اس نے ایک تناور درخت اور باربردار درخت کی شکل اختیار کی تھی اور اس میں پھل بھی آنے لگ گئے تھے جس باغ کی انھوں نے ۲۲ برس بیٹھ کر خدمت کی آج وہ جگہ جگہ سایہ دینے لگا تھا۔ اور اپنے فیضان سے ایک عالم کو مستفیض کرنے لگا تھا۔

حضرت والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے وصال شریف کے بعد یہ درخت نہ مرجھایا اور نہ بے سایہ رہا۔ اللہ تعالیٰ نے خلوص اور سچائی کے ساتھ داغ بیل رکھنے والے اس درخت کو دن بدن عروج بخشا اللہ تعالیٰ نے ہمیں اس قابل کیا کہ آج ہم وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ کے فرمان الٰہی کے مطابق یہ اعلان کرتے ہوئے اپنے رب کا شکر محسوس کرتے ہوئے کہ اس نے ہمیں اس درخت کو مزید آبیاری کرنے کی توفیق بخشی۔ اور آج یہ دار العلوم جو آپ حضرات کے سامنے ہے۔ اپنی آب و تاب کے ساتھ مسلک اھلسنت وَالجماعت کی خدمات انجام دے رہا ہے

آخر میں آپ حضرات سے درخواست ہے کہ ہمیں اپنی نیک دعاؤں میں یاد رکھیں تاکہ اللہ تعالیٰ ہمیں اس دار العلوم کے ذریعے سے اپنے دین متین اور مسلک حقہ اہلسنت والجماعت کی زیادہ سے زیادہ خدمت انجام دینے کی توفیق عطا فرمائے اور حضرت والد ماجد رحمۃ اللہ علیہ کے ارادوں کو پائے تکمیل تک پہنچانے کی توفیق عطا فرمائے۔

آمین ثم آمین

وآخر دعوان۔ ان الحمد للہ رب العالمین

از قلم

ابن عبد اللہ غلام محمد نعیمی ایم اے

Marfat.com

حوالہ جات

۱۔ قرآنِ کریم

۲۔ تفسیر تنویر المقیاس از سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما

۳۔ تفسیر کبیر از امام فخر الدین رازی علیہ الرحمتہ

۴۔ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد بن محمد خازن علیہ الرحمۃ

۵۔ تفسیر روح المعانی از علامہ محمد آلوسی علیہ الرحمۃ

۶۔ تفسیر روح البیان از علامہ اسماعیل حقی علیہ الرحمۃ

۷۔ تفسیر ابن جریر از امام محمد بن جریر علیہ الرحمۃ

۸۔ تفسیر مدارک از امام عبداللہ بن احمد کشفی علیہ الرحمۃ

۹۔ تفسیر بیضاوی از امام عبدالرحمٰن بیضاوی رحمۃ اللہ علیہ

۱۰۔ تفسیر در منثور از امام جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ

۱۱۔ تفسیر جلالین از امام جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ

۱۲۔ تفسیر کمالین از امام کمال الدین علیہ الرحمۃ

۱۳۔ بحر المحیط از عبداللہ محمد بن یوسف علیہ الرحمتہ

۱۴۔ تفسیر سراج المنیر از امام محمد بن شربینی علیہ الرحمۃ

۱۵۔ تفسیر مظہری از قاضی ثناء اللہ پانی پتی علیہ الرحمۃ

۱۶۔ تفسیر کشاف از جار اللہ محشری علیہ الرحمۃ۔

۱۷۔ تفسیر ابن کثیر از عماد الدین ابن کثیر علیہ الرحمۃ

۱۸۔ تفسیرات احمدیہ از علامہ احمد جیون علیہ الرحمۃ

Marfat.com

۱۹۔ تفسیر مراغی۔ از امام احمد المصطفیٰ مراغی علیہ الرحمۃ

۲۰۔ تفسیر احکام القرآن از امام محمد بن احمد قرطبی علیہ الرحمۃ

۲۱۔ تفسیر حسینی از علامہ معین الدین واعظ کاشفی علیہ الرحمۃ

۲۲۔ مفردات القرآن از امام راغب اصفہانی علیہ الرحمۃ

۲۳۔ تفسیر جامع البیان از شیخ سید معین الدین علیہ الرحمۃ

۲۴۔ تفسیر ابوالسعود از امام ابو محمد الحسین بغوی علیہ الرحمۃ

۲۵۔ تاج التفاسیر

۲۶۔ تفسیر صاوی علی الجلالین

۲۷۔ الشہاب علی البیضاوی

۲۸۔ شیخ زادہ

۲۹۔ صحیح البخاری از امام محمد بن اسماعیل بخاری

۳۰۔ امام نووی علی مسلم

۳۱۔ التاج الجامع

۳۲۔ ابوداؤد از امام سلیمان بن الاشعث علیہ الرحمۃ

۳۳۔ جامع ترمذی از امام ابوعیسیٰ بن محمد عیسیٰ ترمذی علیہ الرحمۃ

۳۴۔ سنن نسائی از امام احمد بن شعیب النسائی علیہ الرحمۃ

۳۵۔ مشکوٰۃ شریف از امام ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ علیہ الرحمۃ

۳۶۔ مرقاۃ شرح مشکوٰۃ از امام علی قاری حنفی علیہ الرحمۃ

۳۷۔ اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ از شیخ عبدالحق محدث دہلوی

۳۸۔ التعلیقات المرضیۃ۔

۳۹۔ طبقات الکبریٰ۔ از امام عبدالوہاب شعرانی علیہ الرحمۃ

۴۰۔ فتاوی عالمگیر از اورنگ زیب عالمگیر علیہ الرحمۃ

۴۱۔ فتاوی واحدی از امام عبدالواحد سیوستانی علیہ الرحمۃ

Marfat.com

۴۲۔ مجموعۃ الفتاوی از علامہ عبدالحیٔ لکھنوی علیہ الرحمۃ

۴۳۔ قاموس

۴۴۔ منتہی الارب

۴۵۔ شرح عقائد نسفی علامہ تفتازانی علیہ الرحمۃ

۴۶۔ فتاویٰ عزیزی از شاہ عبدالعزیز محدث دھلوی

۴۷۔ صراطِ مستقیم از محمد اسماعیل دھلوی

۴۸۔ امداد المشتاق مولوی اشرف علی تھانوی۔

۴۹۔ رسالہ نذور۔ شاہ رفیع الدین

۵۰۔ فتاوی شاہ رفیع الدین۔ شاہ رفیع الدین

Marfat.com

سوال کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اس صورت میں کہ زید نے ارادہ کیا ہے کہ اگر فلاں کام میری خواہش کے موافق انجام پائے تو میں فلاں پیر یا فلاں کا بکرا یا گائے دوں گا اور حاجت پوری ہو جانے کے بعد حیوانات مذکورہ کو اللہ تعالیٰ کا نام لے کر ذبح کیا۔ مندرجہ بالا جانوروں کا گوشت کھانا جائز ہے یا نہیں اور غیر اللہ کی طرف نسبت کرنے سے اور بزرگان دین کے اسماء گرامی کے ساتھ مشہور کرنے سے یہ چیزیں حرام ہو جائیں گی اور مذکورہ نذر مانا ہوا پورا کرنا لازم ہے یا نہیں۔ بعض حضرات نے یہ مشہور کیا ہوا ہے کہ مذکورہ حیوانات حرام ہو جائیں گے۔

ان کا کھانا مثل کھانے حرام کے ہے اور نذر و نیاز کرنا حرام ہے

دلیل یہ قرآنی آیت پیش کرتے ہیں وما اھل بہ لغیر اللہ آیا یہ کہنا درست ہے یا نہیں بینوا و توجروا عند اللہ تعالیٰ

الجواب وھو الموفق للصواب

محض بزرگوں کے ناموں سے مشہور کر دینے سے یہ چیزیں حرام نہیں ہو سکتیں۔ جب کہ ان حیوانات پر ذبح کرنے کے وقت اللہ تعالیٰ کا نام لیا گیا گیا جیسا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

فَكُلُوا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ وَقَالَ اَيْضًا وَمَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ الایہ

ترجمہ:۔ جن چیزوں پر اللہ تعالیٰ کا نام لیا گیا ہو ان میں سے کھاؤ اگر تم اللہ تعالیٰ کی آیات کے ساتھ ایمان رکھتے ہو اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم ان چیزوں میں سے نہیں کھاتے جن پر اللہ کا نام لیا گیا ہے

حالانکہ ہم وہ چیزیں بالتفصیل بیان کر چکے ہیں جو تم پر حرام ہیں

Marfat.com

اس آیتِ مبارکہ سے معلوم ہوا جس چیز پہ اللہ تعالیٰ کا نام لیا گیا ہو وہ چیز حلال ہے اگرچہ وہ چیز بزرگوں کے ناموں سے مشہور کیوں نہ ہو۔

اسی طرح چیزوں کو مخلوق کی جانب نسبت کرنے کا جواز اور نذر کے پورے کرنے کا جوازِ قرآن کریم اور احادیثِ مبارکہ اور علماء کرام کے اقوال سے ثابت ہے۔ جیسا کہ ارشاد خداوند تعالیٰ ہے۔

دلیلِ قرآن

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

اِن المساجد للّٰہ الایۃ

(سورہ جن رکوع ۱ آیت نمبر ۱۷)

بے شک ساری مسجدیں اللہ کی ہیں۔ مگر ہم ان مسجدوں کے نام غیر اللہ کی طرف منسوب کرتے ہیں مثلاً کہتے ہیں مسجدِ ابوبکر، مسجدِ بلال، مسجدِ عمر وغیرہ وغیرہ۔ اگر یہ تسلیم کیا جائے کہ غیر اللہ کی طرف منسوب کرنے سے چیزیں حرام ہو جاتی ہیں تو البتہ کسی مسجد میں بھی نماز پڑھنا جائز نہ ہوتی مگر ایسا کوئی بھی نہیں کہتا تو ثابت ہوا کہ غیر اللہ کی طرف نسبت کرنے سے کوئی چیز بھی حرام نہیں ہوتی ہے۔

دلائل از احادیث مبارکہ

حدیث اوّل

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بارگاہ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ یا رسول اللہ میری والدہ کا انتقال ہو گیا ہے۔

فای الصدقۃ افضل قال الماء فحفر بئرًا وقال ھٰذہ لام سعد۔ الحدیث مشکوٰۃ شریف ص ۱۶۹

ترجمہ:۔ پس کونسا صدقہ افضل ہے جو اپنی والدہ کے لئے کروں حضور اکرم صلی اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ پانی پھر حضرت سعد نے مدینہ پاک میں ایک کنواں کھدوایا اور کہا کہ یہ سعد کی ماں کے لئے ہے

Marfat.com

اس حدیث میں یہ بات قابلِ غور ہے کہ حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسے جلیل القدر صحابیٔ رسول فرما رہے ہیں "ھٰذہ لام سعد" یہ کنواں سعد کی ماں کے لئے ہے" یعنی ان کی روح اقدس کو ثواب پہنچانے کی غرض سے بنوایا گیا ہے۔ اِس سے صراحتہً ثابت ہوا کہ غیر اللہ کی طرف اگر کسی چیز کی نسبت کی جائے تو وہ حرام نہیں ہوتی، اگر تسلیم کیا جائے کہ وہ چیز حرام ہوتی ہے تو پھر ماننا اور کہنا پڑے گا کہ مذکورہ کنویں کا پانی حرام ہوگیا کیونکہ وہ غیر اللہ یعنی سعد کی ماں کی طرف منسوب کیا گیا تھا۔ حالانکہ اس کنویں سے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اور تابعین تبع تابعین اور اہلیانِ مدینہ نے پانی پیا کوئی مسلمان صاحب ایمان یہ ہرگز نہیں کہہ سکتا کہ ان مقدس ہستیوں نے حرام پانی پیا (معاذ اللہ) وہ پانی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام کے ہاں پاک و حلال تھا حالانکہ وہ غیر اللہ کی طرف منسوب تھا۔

حدیث دوم حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری ماں مر گئی ہے۔

اینفعھا ان تصدقت عنھا قال نعم قال فان لی مخرفاً فاشھدک انی قد تصدقت عنھا۔ الحدیث ترمذی، کتاب الزکوٰۃ ص ۱۲۱

ترجمہ:۔ اگر میں اس کی طرف سے صدقہ کردوں تو کیا اس کو نفع پہنچے گا؟ آپ نے فرمایا ہاں پہنچے گا اس نے کہا میرا ایک باغ ہے اور میں آپ کو گواہ کر کے کہتا ہوں کہ میں نے اس باغ کو اُس کی طرف سے صدقہ کر دیا۔

اسی طرح اقوالِ علماء اہلسنت سے بھی یہ امر ثابت ہے کہ غیر اللہ کی طرف کوئی بھی چیز منسوب کرنے سے حرام نہیں ہوتی ہے۔

Marfat.com

اقوال علمائے کرام

قول اول

علامہ خاتم المحققین مخدوم عبدالواحد سیوستانی المتوفی سنہ ۱۲۲۴ھ اپنی فتاوٰی میں ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں۔

سوال :۔ اگر طعام یا چیزے دیگر متصدق بہ راہِ اضافت بہ متصدق عنہ کردہ آید جائز است یا نہ"

جواب :۔ جائز است۔

عن سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہ قال یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان امی ماتت فای صدقۃ افضل قال الماء فحفر بیرا و قال ھٰذہ لام سعد رواہ الترمذی والبوداؤد والنسائی و ابن ماجہ واحمد، فیستفاد من ھٰذہ الحدیث انہ لو تصدق احد عن المیت و قال ھٰذہ الصدقۃ لفلان المیت یکون جائزا لایحرم کما توھم انہ لو ملک للمیت یصیر حراما وھٰذا الحدیث حجۃ علیہ کما لا یخفیٰ وانت خبیر بان المیت لیس اھلا لتملیک العین بل مراد القائل ان الثواب۔ ھٰذہ الصدقۃ للمیت

اھ فتاوٰی واحدی ص ۲۴۹

ترجمہ :۔ سوال :۔ اگر طعام یا اور کوئی چیز کو صدقہ کرنیوالا کسی طرف منسوب کرے تو جائز ہے یا نہیں۔

جواب۔ جائز ہے حضرت سعد بن عبادۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عرض کیا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری والدہ وفات کرگئی ہے، پس کونسا صدقہ افضل ہے، پس جو ماں کے لئے کروں فرمایا" پانی" حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک کنواں کھدوایا

Marfat.com

اور کہا کہ یہ سعد کی والدہ کے لئے ہے۔ روایت کیا اس حدیث کو ترمذی، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ، اور احمد نے۔ اس حدیث سے استفادہ کیا جاتا ہے کہ اگر کوئی شخص میت کی طرف سے صدقہ کرے اور کہے کہ صدقہ فلاں میت کے لئے ہے یہ جائز ہے حرام نہیں ہوتا۔ جیسا کہ خیال کیا جاتا ہے کہ اگر طعام کو میت کی طرف منسوب کر کے اس کی ملک کیا گیا تو حرام ہو جاتا ہے یہ حدیث منکر پر حجت ہے جیسا کہ یہ بات مخفی نہیں اور آپ بھی باخبر ہیں کہ میت ملکیت کا اہل نہیں بلکہ قائل کی مراد اس سے ہے کہ صدقہ کا ثواب میت کے لئے ہے۔

اس قول سے بھی یہ امر ثابت ہوا کہ طعام وغیرہ کی نسبت اگر میت کی طرف کی جائے تو طعام یا حیوانات حرام نہیں ہوتے۔ جیسا کہ علامہ مخدوم صاحب نے دلیل کے طور پر حدیث سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ پیش کی۔ قائل کا یہ کہنا کہ بکرا یہ گائے یا یہ طعام فلاں فلاں بزرگ یا مشائخ کا ہے، اس سے مراد قائل کی یہ ہے کہ مذکورہ اشیاء کا ثواب فلاں فلاں کے لئے ہے۔

قول دوم

اور اسی طرح علامہ شیخ عبدالحئی لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ اپنی فتاویٰ میں فرماتے ہیں۔

سوال :۔ سید احمد کبیر کی گائے اور شیخ سدو کی بکری اور اسی طرح کی اور امثال حلال ہیں یا حرام۔

جواب :۔ اگر اللہ تعالیٰ کا تقرب اور اس کی بارگاہ کے لئے قربانی یا کسی شخص کو ایصال ثواب کرنا مقصود ہو تو حلال ہے اور اس صورت میں کہ غیر اللہ کا تقرب ہو بطور بھوک اور محض جان بچانا منظور نہ ہو، نہ گوشت کا تناول کرنا یا ایصال ثواب اور ذبح کے وقت غیر خدا کا نام نہ لیا گیا ہو تو اس صورت میں علماء کرام

Marfat.com

اختلاف رکھتے ہیں۔ (فتاویٰ عبدالحیٔ ص ۱۰۴)

علامہ صاحب کے قول سے بھی یہ معلوم ہوا کہ غیر اللہ کی طرف چیز کو منسوب کیا گیا تو وہ حرام نہیں ہوتی ہے۔

اور اسی طرح نذر و نیاز کرنا اور نذر و نیاز کے لئے مکان کا تعین کرنا یہ بھی جائز اور جس مکان کا تعین کیا ہے اسے اس مکان میں پورا کرنا لازم ہے جیسے کہ اللہ تبارک تعالیٰ اپنے نیک بندوں کی شان میں فرماتا ہے۔

اِنَّ الْاَبْرَارَ یَشْرَبُوْنَ مِنْ کَاْسٍ کَانَ مِزَاجُهَا کَافُوْرًا ۝ عَیْنًا یَّشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللّٰهِ یُفَجِّرُوْنَهَا تَفْجِیْرًا ۝ یُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ وَیَخَافُوْنَ یَوْمًا کَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِیْرًا ۝

پ ۲۹ رکوع ۱۹

ترجمہ:۔ بے شک نیک پیئیں گے اس جام میں سے جس کی ملونی کافور ہے (وہ کافور کیا ہے) ایک چشمہ ہے جس میں اللہ کے نہایت خاص بندے پیئیں گے۔ اپنے محلوں میں سے جہاں چاہیں بہا کر لے جائیں گے اپنی نذریں پوری کرتے ہیں۔ اور اس دن سے ڈرتے ہیں جس کی برائی پھیلی ہوئی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے دوسرے مقام پر فرمایا ہے۔

ثُمَّ لْیَقْضُوْا تَفَثَهُمْ وَلْیُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ وَلْیَطَّوَّفُوْا بِالْبَیْتِ الْعَتِیْقِ۔ (پ ۱۷ رکوع ۱۱)

ترجمہ:۔ پھر اپنا میل کچیل اتاریں اور اپنی نذریں پوری کریں اور اس آزاد گھر کا طواف کریں۔

برادرانِ اسلام ان آیاتِ مبارکہ سے معلوم ہوا کہ نذر کرنا جائز ہے اور نذر کر کے اسے پورا کرنا جنتیوں کی صفات میں سے ایک صفت ہے لیکن محرمین کہتے ہیں کہ نذروں کو پورا کرنا شرک ہے حرام اور خنزیر کی طرح قرار دیتے

Marfat.com

ہیں اب اللہ تعالیٰ کا فرمان تبول کیا جائے گا یا ان منکروں کی بات قبول کیجائیگی

کتب احادیث سے نذر کا ثبوت

قرآن کریم کے بعد کتب حدیث سے نذر کا ثبوت پیش کیا جاتا ہے تاکہ منکروں کی چال مکر و فریب ظاہر ہو جائے۔

حدیثِ اوّل

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا۔

النذرُ نذرٰن فما کانَ مِن نذرٍ فی طاعۃ اللہ فذٰلک للہ وفیہ الوفاءُ وما کانَ مِنْ نذرٍ فی معصیۃ اللہ فذٰلک للشیطٰنِ ولا وَفاءَ فیہ ویکفُرُ الیمین۔ (الحدیث)

(نسائی شریف ص ۲۴۹ ج ۲ مشکوٰۃ شریف ص ۲۹۹)

ترجمہ:۔ نذر کی دو قسمیں ہیں، جو نذر اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں ہو تو یہ اللہ کے واسطے ہے اور اس کا پورا کرنا لازم ہے اور جو نذر اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں ہو وہ شیطان کے واسطے ہے اس کا پورا کرنا لازم نہیں ہے اور نذر ماننے والے کیلئے کفارہ قسم ہے۔

حدیث دوم

سیدنا ثابت دھک سے مروی ہے کہ ایک شخص نے سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ایک منت مانی تھی کہ مکان بوانہ میں جو کہ مکہ معظمہ کے قریب ہے، (جگہ کا نام ہے) ایک اونٹ ذبح کروں گا تو سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ وہاں پر بت پرستوں کے بتوں میں سے ایک بت ہے؟ تو اس شخص نے کہا کہ نہیں تو سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کہ وہاں مشرکوں کی عید گاہوں میں سے کوئی عید گاہ ہے کہ نہیں تو اس شخص نے کہا کہ نہیں تو سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو اس کی نذر کے پورے کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی چنانچہ حدیث کے الفاظ اس طرح ہے۔

Marfat.com

هل کانَ فیھا وثن مِن اوثان الجاھلیۃ یعبَد قالوا
لا قالَ فھل کانَ فیھا عید مِن اعیادِ ھم قالوا لا فقال
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اوفِ بنذرک (الحدیث)

مشکوٰۃ شریف ص ۲۹۸

حدیث سوم

حدیث شریف میں ہے کہ ایک عورت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اِنی نذرتُ اَن اضربُ علیٰ راسِک بالدّف

ترجمہ:۔ میں نے نذر مانی ہے کہ میں آپ کے سامنے دف بجاؤں گی۔
اس نے پھر عرض کیا۔

اِنی نذرتُ اَن اذبح ببکان کذا کذا مکانٍ یذبح فیہ
اھل الجاھلیہ بضمٍ قالت لا قال بوثنٍ قالت لا قال اوفی
بنذرک (الحدیث) ابو داؤد ص ۱۱۳ ج ۲ مشکوٰۃ شریف ص ۲۹۸

ترجمہ:۔ میں نے نذر مانی ہے کہ فلاں فلاں جگہ قربانی کروں گی اور وہ وہ جاہلیت کا مذبح ہے، آپؐ نے ارشاد فرمایا بت کے واسطے اس نے عرض کیا نہیں، پھر فرمایا وثن کے لئے، اس نے عرض کیا نہیں فرمایا اپنی نذر پوری کرو۔

حدیث چہارم

سید المفسرین سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ فرماتے ہیں۔

اِنّ سعد بن عبادۃؓ استفتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
فی نذرٍ کانَ علیٰ اُمہٖ توفّیت قبلَ ان تقضیہٖ فقالَ
النبی صلی اللہ علیہ وسلم اِقضِہٖ عنھا۔ (الحدیث)

ترمذی ص ۸۶ ج ۱، ابو داؤد ص ۱۱۲ ج ۲

Marfat.com

ترجمہ :۔ سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وسلم سے نذر کے متعلق فتویٰ دریافت کیا جو اس کی والدہ پہ لازم تھی اور وہ اس کو پورا کرنے سے پہلے ہی فوت ہو گئی تھی تو نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ماں کی طرف سے نذر کو پورا کرو۔

برادران اسلام ان تمام احادیثِ مبارکہ سے معلوم ہوا کہ نذر کرنا اور جس جگہ کا تعین کیا ہے اسی جگہ پہ اسے پورا کرنا لازم ہے اگر جائز نہیں ہوتا تو نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام صحابیہ کو دف بجانے کی اجازت نہ دیتے جانور ذبح کرنے کی اجازت نہ دیتے، حضرت سعد کو ماں کی طرف سے نذر پورا کرنے کا حکم نہ فرماتے۔

اسی طرح علماء اہلسنت کے اقوال سے بھی ثابت ہے کہ نذر دینا نہ کرنا جائز ہے اور پورا کرنا لازم ہے۔

قول اول علامہ شیخ ملا علی قاری حنفی رحمتہ اللہ علیہ حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں۔

قال الطیبی رحمتہ اللہ علیہ وفیہ اِن من نذرَ ان یضحیٰ فی مکانٍ اولیتصدق علیٰ اھل بلد لزمہٗ الوفاء بہٖ

۱۲ مرقاۃ شرح مشکوٰۃ ص ۵۶۷ ج ۳

ترجمہ جس نے یہ منت مانی کہ فلاں فلاں مکان میں جانور ذبح کرے گا یا فلاں شہر میں شہر والوں پر صدقہ کرے گا اسے یہ منت پورا کرنا لازم ہے۔

قول دوم شیخ المحدثین شیخ الہند علامہ شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمتہ اللہ علیہ" قول اوف بنذرک" کی شرح میں فرماتے ہیں کہ فرمایا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پورا کرو اپنی نذر کو۔ یہاں سے معلوم ہوا کہ وہ شخص جس نے نذر مانی ذبح کرنے کی کسی جگہ میں تو لازم ہے

Marfat.com

اس کو پورا کرنا اس نذر کا۔ اگر وہ جگہ بتوں کی عبادت گاہ اور کافروں کے علامات پر جمع ہونے کی جگہ نہ ہو۔ (اشعۃ اللمعات ص ۲۱۹ ج ۳

قول سوم

اور اسی طرح خاتم المحدثین مخدوم عبدالواحد سیوستانی رحمۃ اللہ علیہ ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں۔ کیا فرمان ہے علماء کرام کا اس میں کہ بعض لوگ کھانا قبرستان لے جاتے ہیں اور کھانے کی نسبت مردوں میں سے کسی ایک کی طرف کر دیتے ہیں اور قبرستان سے باہر بیٹھ کر وہ کھانا کھا لیتے ہیں اور بعض کسی بکرے کو اولیاء اللہ میں سے کسی ولی کی طرف نسبت کر دیتے ہیں کہ یہ بکرا فلاں ولی کا ہے پھر اس کو قبرستان سے متصل ذبح کر کے خود بھی کھاتے ہیں اور دوسروں کو بھی کھلاتے ہیں کیا یہ کھانا اور یہ بکرا بحر الرائق کی اس عبارت کے مطابق ہے۔

وما ینقل الی ضرائح الاولیاء حرام، آیا حرام کہا جا سکتا ہے یا نہیں

الجواب:۔ فقال الظاھر ان عبارۃ البحر وامر دفیما یتقرب بہ الی الاولیاء کما یتقرب بالنذر الی الخالق کما یشیر الیہ لفظ التقرب الواقع فی عبارۃ حیث قال فیما یؤخذ من الدراھم والشمع والزیت وغیرھما وینقل الی ضرائح الاولیاء تقربا الیھم حرام مالم یقصدوا فھما للفقراء الاحیاء انتھی۔ وھذا انما یتحقق اذا حمل کلام الناذر علی الحقیقۃ واما اذا حمل علی المجاز کما یقتضیہ حسن الظن بالمسلم یجعل النذر للاولیاء مجازا عن الصدقۃ علی الفقراء المجاورین فلا یتحقق ذلک والیہ الاشارۃ فی قولہ مالم یقصد واصرفھما للفقراء کما لا یخفی ویؤید ما فی الشرح الطریقۃ المحمدیہ للشیخ عبدالغنی الحنفی رحمۃ اللہ علیہ ومن ھذا القبیل زیارۃ القبور والتبرک

Marfat.com

بضرائح الاولیاء والصالحین والنذر لھم تقلیف ذلک
علی حصول شفاء مریض او قدوم غائب فانہ مجاز عن
الصدقۃ علی الخادمین بقبورھم وقد شرح ابن حجر
فی فتاواہ ان ھذا النذر للولی المیت او خلفاءہ او اطعام
فقراء الذین عند قبرہ فصح النذر ووجب العرف فیما
قصدہ الناذر الی آخرما بسطہ وغالب الناس فی ھذا
الزمان یقصدون ذالک فیحمل علیہ انتھی وقال
ایضاً فی فتاواہ النذر للولی انما یقصد بہ غالبا التصدق
عنہ لخدام قبرہ واقاربہ وفقرائہ فان قصد الناذر
شیئا من ذلک او اطلق صح الخ فتاوی ابن حجر ص ۲۸۴ وھذا
صریح فی صحۃ النذر اذا حمل الکلام علی المجاز کما ھو الغالب
نعم لو صرح احد ذلک النذر بطریق الحقیقۃ فلا خفاء
فی عدم صحتہ والحرمۃ وعلیہ یحمل ما ذکرہ الشیخ القاسم
فی شرح درر البحار وما ذکرہ فی الدر المختار حیث قال
اعلم النذر الذی یقع للاموات من اکثر العوام الی آخرہ
اھ فتاوی واحدی ص ۲۵۰ ج ۳

اسی طرح مخدوم صاحب ایک دوسرے سوال کے جواب میں فرماتے ہیں

فان الظاھر من حال المسلم ان لا یرید بالنذر نذر
المخلوق اذ النذر عبادۃ والعبادۃ لا یجوز لغیرہ تعالیٰ
فیحمل نذرہ لقرینۃ حالہ علی المجاز عن التصدق علی
المجاورین۔ الخ (البیاض الواحدی ص ۲۵۰ ج ۳

ترجمہ: مسلمان کے حال سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ نذر سے
نذر المخلوق کا ارادہ نہیں کرتے کیونکہ نذر عبادت ہے اور

Marfat.com

عبادت سوائے خالق حقیقی کے غیر کے لئے ناجائز ہے پس اس کا مذکورہ
نذر قرینہ حالیہ کی بناء پر مجاز پر محمول کیا جائے گا۔ کہ مجاوروں
پر صدقہ ہے۔

لہذا بندہ مسکین ناچیز محمد عبد اللہ نعیمی کہتا ہے کہ مخدوم معظم کے قول
کی تائید شیخ محمد سعید برہانی کا قول التعلیقات المرضیہ علی الصدیقیۃ العلائیہ کے
حاشیے سے اور غوث محمدانی عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کے قول سے ہوتی ہے
مولانا عبدالحیؒ صاحب لکھنوی نے اپنے فتاویٰ میں تحریر فرمایا ہے

ومن ھھنا علم ان البقرۃ المنذ ورۃ للاولیاء کما ھو الرسم
فی زماننا حلال طیب لانہ لم یذکر اسم غیر اللہ علیھا وقت
علامہ شیخ محمد سعید برہانی شامی فرماتے ہیں۔

ان التبرک بضرائح الاولیاء والصالحین والنذور لھم
بحصول الشفاء او قدوم غائب انما ھو مجاز عن الصدقۃ
علی الخادمین لقبورھم کما قال الفقہاء فیمن دفع الزکوۃ
للفقیر وسماہ قرضاً صح لان العبرۃ بالمعنی لا للفظ و
قال غالب الناس فی ھذ الزمان یقصدون ذلک فیحمل
الکلام علیہ۔ اھ التعلیقات المرضیۃ ص ۱۹۷

اور اسی طرح غوث صمدانی عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ قطب
وقت حضرت شاذلی کا قول نقل فرماتے ہیں۔

کان رضی اللہ عنہ یقول رایت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال
اذا کان لک حاجۃ واردت قضائھا فانذر للنفیسۃ
الطاھرۃ ولو فلساً فان حاجتک تقضی۔
اھ طبقات الکبریٰ ص ۶۸

ترجمہ: حضرت شاذلی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ میں نے رسول اللہ

86333

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تک تجھے کوئی حاجت درپیش ہو اور تو اس کو پورا کرنے کا ارادہ کرے تم سیدہ نفیسہ طاہرہ رضی اللہ عنہا کی نذر مان لیا کرو اگرچہ ایک ہی پیسہ کیوں نہ ہو تو بے شک تیری حاجت پوری ہو جائے گی

قول چہارم

الذبح وان کانو ینذرونہا۔

اھ فتاویٰ عبدالحیٔ ص ۱۰۵ جلد سوم

ترجمہ:۔ اور یہاں سے معلوم ہوا کہ بے شک وہ گائے جس کی نذر اولیاء کے لئے مانی جائے جیسا کہ ہمارے زمانے میں رسم ہے حلال و طیّب ہے کیونکہ اس پر ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام نہیں لیا جاتا گو ان کے لئے نذر کرتے ہوں۔

لہذا فقہاء کرام کے ان اقوال سے معلوم ہوا کہ یہ نذر جو کہ عوام الناس کی جانب سے اولیاء کرام کے لئے واقع ہوتی ہے یہ نذر شرعی نذر نہیں ہے اس لئے کہ نذر شرعی عبادت ہے اور غیر اللہ کی عبادت حرام ہے بلکہ یہ نذر صدقہ اور ایصال ثواب سے مجاز ہے اور ناذر کی طرف نذر شرعی صراحۃً وضاحت کے بغیر عوام الناس کی اس نذر کو نذر شرعی پر محمول کرتے ہوئے اس کی حرمت کا فتویٰ دینا اور مسلمانوں پر شرک اور کفر کا حکم لگانا، جہالت و ضلالت اور باطنی خباثت کی علامت ہے جو کہ اولیاء کرام کے ساتھ بغض اور عداوت رکھتا ہے اسی کا ہی کام ہے۔

اب آپ کو ان حضرات کے پیروں اور مرشدوں کے اقوال پیش کئے جاتے ہیں جو کہ نذر و نیاز کرنے والوں پر شرک و بدعت کا فتویٰ لگاتے ہیں۔

منکروں کے پیر و مرشد جناب حاجی امداد اللہ مہاجر مکی فرماتے ہیں کہ طریق نذر و نیاز قدیم زمانے سے جاری ہے۔ اس زمانے کے لوگ انکار کرتے ہیں۔

اھ امداد المشتاق ص ۹۲

Marfat.com

پیر صاحب کے قول سے ثابت و واضح ہوتا ہے کہ اسلاف نذر و نیاز کے قائل بھی تھے اور اس پہ ان کا معمول بھی رہا ہے

اور اسی طرح قائد علماء دیوبند اور مکتب فکر کے پیشوا اسماعیل دہلوی فرماتے ہیں۔

در خوبی ایں قدر اسرار امور مرسومہ فاتحہ و امر اس و نذر و نیاز ۔
اموات شک و شبہ نیست صراط مستقیم۔ ص ۵۵

ترجمہ :۔ رسوم میں فاتحہ پڑھنے عرس کرنے مردوں کی نذر و نیاز کرنے کی رسموں کی خوبی میں شک و شبہ نہیں۔

دیوبندی تبلیغی مودودی حضرات کے مجدد اسماعیل دہلوی نذر و نیاز عرس اور فاتحہ وغیرہ کی خوبی اور بہتری کا اقرار کریں اور ان کے مریدین اور متبعین ان کا انکار کریں۔ عجیب مرید و متبعین ہیں۔

نیز یہ بھی معلوم ہونا چاہیے کہ علمائے کرام نے نذر کو دو قسموں میں تقسیم کیا ہے ایک تو نذر شرعی اور دوسری نذر عرفی جو کہ نذرانے اور ہدیہ کے معنی میں ہے۔ جیسے کہ شاہ رفیع الدین صاحب دہلوی رحمت اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

مسئلہ اول : وہ لفظ جو کہ یہاں مستعمل ہوتا ہے شرعی معنیٰ پر نہیں ہے جو کہ ایجاب غیر واجب ہے۔ عبادات مقصودہ کی جنس سے بطریق تقرب الی اللہ بلکہ معنی عرفی ہے اس لئے کہ عرف یہ ہے کہ جو چیز بزرگوں کے آگے لے جاتے ہیں اس کو نذر و نیاز کہتے ہیں۔ (رسالہ نذور ص ۳۱)

اور یہی شاہ صاحب اپنے فتاویٰ میں فرماتے ہیں۔ یہاں ہر چند فائدے لکھے گئے ہیں، حق تعالیٰ انہیں نافع بنائے۔ ایک یہ کہ جو نذر اور نیاز مردوں کے لئے کرتے ہیں اس کی تین قسمیں ہیں ایک تو عام مومنوں کے لئے اور وہ محمود ہے اس لئے کہ ایسا کرنا حصول ثواب اور دفع عذاب کے سلسلے میں ان مومنوں کی مدد

Marfat.com

کرنا ہے۔

دوسری قسم اولیاء کرام کے لئے وہ نذر ہے کہ اگر ان کے ساتھ نیکی اور احسان کی نیت سے کی جائے یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ کے دوستوں کے ساتھ احسان کرنا رضاء الٰہی کا سبب ہے۔ (فتاویٰ شاہ رفیع الدین ص ۸

لہٰذا علماء کرام کی عبارات سے یہ امر واضح ہوا کہ اگر کوئی شخص تقرب یعنی مخلوق کی عبادت کی نیت سے خیرات کرے تو یہ خیرات حرام ہو جاتی ہے اور اگر فقراء پر تصدق اور اولیاء کرام کے لئے ایصال ثواب کی نیت سے کسی چیز کی طرف نسبت کرتے ہوئے خیرات کرے تو یہ نسبت اور خیرات و نذر و نیاز جائز اور حلال ہے کوئی شرک یا حرام نہیں اگر وہ شرک و حرام ہے تو سب سے پہلے اپنے پیشواؤں اور پیروں پر شرک کے فتویٰ لگائے اس کے بعد ہمارے طرف آئیں اللہ تعالیٰ سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

اور جو حضرات وما اھل بہ لغیر اللہ کی آیت سے یہ استدلال کرتے ہیں کہ غیر اللہ کی جانب اشیاء کو منسوب کرنے سے مذکورہ منسوب کردہ چیز حرام ہو جاتی ہے، ان کا یہ استدلال کرنا باطل ہے۔ کیونکہ آیت مقدسہ کی یہ معنی نہیں ہے۔ جو کہ یہ حضرات بیان کرتے ہیں بلکہ آیت کے معنی اس طرح ہے کہ حرام ہے وہ جانور جو کہ ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام لے کر ذبح کیا جائے ہم بھی مانتے جو ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام لے کر ذبح کیا جائے۔ تو پھر وہ جانور حرام ہو جاتا ہے۔ یہ معنی مراد نہیں ہے جو کہ یہ منکرین بیان کرتے ہیں۔ چنانچہ تمام مفسرین کرام نے بھی معنی اس طرح کی ہے کہ حرام ہے وہ جانور جو کہ ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام لے کر ذبح کیا جائے۔ یہ ناچیز چند حوالوں پر اکتفاء کرتا ہے۔

اکابر مفسرین سے وما اھل بہ لغیر اللہ کی تفسیر

Marfat.com

① تفسیر تنویر المقیاس

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ ماذبح لغیر اسم اللہ عمداً للاصنام

تفسیر ابن عباس ص ۱۸

ترجمہ :۔ اور جو اللہ تعالیٰ کے نام کے سوا بتوں کے لئے عمداً ذبح کیا جائے

② تفسیر خازن

امام علی بن محمد خازن علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ یعنی وَمَا ذُبِحَ للاصنام والطواغیت۔ اھ تفسیر خازن ص ۴۰ جلد اول

ترجمہ یعنی جو بتوں اور طاغوتوں کے لئے ذبح کیا جائے۔

وَمَا اُهِلَّ لِغَیْرِ اللّٰہِ بہ یعنی ماذکر علی ذبحہ غیر اسم اللہ وَذٰلِکَ اَنَّ العَرَبَ فِی الْجَاهِلِیَّۃِ کانوا یَذْکُرُوْنَ اَسْمَاءَ اَصْنَامِهِمْ عِنْدَ الذَّبْحِ فَحَرَّمَ اللّٰہُ ذٰلِکَ بِهٰذِهِ الآیہ

تفسیر خازن ص ۲۲۷ جلد دوم

ترجمہ :۔ وما اھل لغیر اللہ بہ ، وہ جانور جس کے ذبح کرنے پر غیر اللہ کا نام لیا جائے اور وہ یہ ہے کہ عرب جاہلیت میں ذبح کرنے کے وقت اپنے بتوں کا نام لیا کرتے تھے پس اللہ تعالیٰ نے اس آیت سے اس کو حرام کر دیا۔

③ تفسیر ابن جریر

امام ابن جریر طبری علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ فَاِنَّهٗ یعنی ذُبِحَ لِلاٰلِهَۃِ والاَوْثَانِ یُسَمّٰی علیہ لغیر اسمہٖ

تفسیر ابنِ جریر ص ۴۸ جلد دوم

ترجمہ :۔ اور جو ذبح کیا گیا ہو ان معبودان باطلہ اور بتوں کے لئے اور اس پر ذبح کے وقت اللہ کا نام نہیں لیا گیا، غیر کے نام سے ذبح کیا گیا۔

Marfat.com

④ تفسیر مدارک

امام عبداللہ بن احمد نسفی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ اَیْ ذُبِحَ لِلْاَصْنَامِ فَذُكِرَ عَلَيْهِ غَيْرُ اسْمِ اللّٰهِ وَاَصْلُ الْاِهْلَالِ رَفْعُ الصَّوْتِ اَیْ رُفِعَ بِهِ الصَّوْتُ لِلصَّنَمِ وَذٰلِكَ قَوْلُ اَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ بِاسْمِ اللَّاتِ وَالْعُزّٰى

تفسیر مدارک پ ۲ رکوع ۵

ترجمہ :۔ وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ۔ یعنی جو بتوں کے لئے ذبح کیا گیا ان پر غیر خدا کا نام ذکر کیا گیا اور اصل اہلال آواز بلند کرنا ہے یعنی اس کے ساتھ بت کے لئے آواز بلند کی گئی اور یہ اہلِ جاہلیت کی بات ہے کہ ذبح کے وقت کہتے لات کے نام سے اور عزیٰ کے نام سے

⑤ تفسیر کبیر

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

فمعنى قَوْلُهٗ وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ يعنى مَا ذُبِحَ لِلْاَصْنَامِ وَهُوَ قَوْلُ مُجَاهِدٍ وَالضَّحَّاكِ وَقَتَادَةَ وَقَالَ رَبِيْعُ ابْنُ اَنَسٍ وَابْنُ زَيْدٍ يَعْنِي مَا ذُكِرَ عَلَيْهِ غَيْرُ اِسْمِ اللّٰهِ وَهٰذَا الْقَوْلُ اَوْلٰى لِاَنَّهٗ اَشَدُّ مُطَابَقَةً لِلَّفْظِ وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ هُوَ الْمُرَادُ بِقَوْلِهٖ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ۔ اھ تفسیر کبیر ص ۹۰ جلد دوم

ترجمہ :۔ وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ کے معنی یہ ہیں کہ جو بتوں کے لئے ذبح کیا گیا ہو یہ قول مجاہد ضحاک اور قتادہ کا ہے ربیع بن انس اور ابن زید نے کہا یعنی وہ جس پر غیر نام خدا ذکر کیا گیا ہو اور یہ قول اولیٰ ہے کیونکہ اس میں مطابقت لفظی زیادہ ہے۔

⑥ تفسیر ابو السعود

امام ابو السعود رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ۔ اَیْ رُفِعَ بِهِ الصَّوْتُ عِنْدَ ذَبْحِهٖ لِلصَّنَمِ۔ اھ

تفسیر ابو السعود ص ۹۴ جلد دوم

Marfat.com

ترجمہ:۔ وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ یعنی وہ چیز جس کو بت کے لئے ذبح کرنے کے وقت آواز بلند کی گئی ہو۔

⑦ تفسیر بیضاوی

امام عبدالرحمٰن بیضاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ اَیْ رُفِعَ بِهِ الصَّوْتُ عِنْدَ ذَبْحِهٖ لِلصَّنَمِ۔ (پ ۲ ع ۵)

ترجمہ:۔ وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ یعنی وہ چیز جس کو بت کے لئے ذبح کرنے کے وقت آواز بلند کی گئی ہو۔

⑧ مفردات القرآن

امام راغب اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں قولہ وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ اَیْ مَا ذُكِرَ عَلَيْهِ اِسْمُ اللّٰهِ وَهُوَ مَا كَانَ يُذْبَحُ لِلْاَجْلِ الْاَصْنَامِ۔ اھ مفردات القرآن ص ۵۶۶

⑨ جلالین شریف

علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ اَیْ ذُبِحَ عَلَى اسْمِ غَيْرِ اللّٰهِ تعالیٰ۔ جلالین ص ۲۴

یعنی ذبح کیا جائے غیر اللہ کے نام کے ساتھ۔

⑩ تفسیر مظہری

علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ قال الربیع ابن انس ما ذکر عند ذبحہ اسم غیر اللہ۔ اھ تفسیر مظہری ص ۱۵۸ جلد ۱

ترجمہ:۔ وما اهل بہ لغیر اللہ۔ ربیع بن انس فرماتے ہیں کہ وہ جانور جس پر ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام لیا جائے۔

اسی طرح تفسیر در منثور ص ۱۶۸ جلد اول، اور تفسیر سراج المنیر پ ۲ ص ۱۱۰، تفسیر بحر المحیط ص ۴۲۴ جلد سوم، تفسیر مراغی ص ۹۴ جلد دوم، تفسیر کشاف

Marfat.com

ص ۳۲۵ جلد اول، تفسیر احکام القرآن ص ۵۴۱ جلد اول، تفسیر ابن کثیر ص ۸، تفسیر جامع البیان ص ۲۶، تفسیر کمالین ص ۲۲ تفسیر حسینی ص ۲۸، تفسیر کشاف ص ۵۹۲ جلد اول تفسیر روح البیانی ص ۳۳، تفسیر روح المعانی ص ۴۲ جلد دوم، تفسیر صاوی ص ۲۳۱ جلد اول، الشہاب علی البیضاوی ص ۲۶۸ جلد دوم، شیخ زادہ ص ۴۸۱، جلد اوّل، تاج التفاسیر ص ۱۱۳ جلد اول۔ مذکورہ تمام تفاسیر سے یہ امر ظاہر ہوا کہ وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ کے معنی یہ ہیں کہ حرام ہے وہ جانور جو کہ ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام لے کر ذبح کیا جائے۔ یہ مقصد نہیں ہے کہ جو غیر اللہ کے طرف منسوب کیا جائے وہ حرام ہے، ہرگز نہیں۔

اسی طرح تمام محدثین نے بھی وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ سے مراد وہ جانور لیا ہے جس پر ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام لے کر ذبح کیا جائے۔

محدثین کرام سے وما اھل بہ لغیر اللہ کی تفسیر

امام نووی شارح مسلم شریف کی تفسیر

امام نووی رحمۃ اللہ علیہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں کہ

عن علی رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ من ذبح لغیر اللہ (الحدیث)

فالمراد بہ ان یذبح باسم غیر اللہ تعالیٰ۔

شرح مسلم ص ۱۶۰ جلد ۲

یعنی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان کہ اللہ تعالیٰ کی اس شخص پر لعنت ہے جس نے غیر اللہ کے لئے ذبح کیا اس سے مراد یہ ہے کہ جس جانور پر ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام لے کر ذبح کرے ایسے آدمی پر اللہ کی لعنت ہے۔

Marfat.com

اور صاحب تاج الجامع فرماتے ہیں وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ
اى ما ذُكِرَ اسم غَيْرِ اللّٰهِ عِنْدَ ذَبْحِهٖ كَانَتْ تَفْعَلُهُ
عَبَدَةُ الاوثان ۔ اھ التاج الجامع ص ۹۴ جلد اول

لہذا محدثین عظام کے اقوال سے بھی یہ امر واضح ہوگیا کہ محض کسی چیز کو غیر اللہ کی جانب اضافت کرنے سے وہ چیز حرام نہیں ہو جاتی ہے جبکہ ذبح کے وقت جانور پر اللہ تعالیٰ کا نام لے کر ذبح کیا گیا تو ذبیحہ حلال ہے خواہ ذابح کی نیت کچھ ہی ہو اس جانور کے حلال و حرام ہونے کا دارومدار نیت و نذر پر نہیں ہے بلکہ رفع الصوت بذکر اللہ پر ہے (مگر باستثناء ایک صورت کے جس کا ذکر آگے آئے گا) اگر ذبح کے وقت یہ ہوگیا ہے یعنی ذبح کے وقت نام خدا لے کر ذبح کیا گیا ہے تو حلال ہے ورنہ حرام ۔ اہلال کے معنی تمام تفاسیر اور کتب احادیث اور کتب لغت میں یہ ذکر کی گئی کہ رفع الصوت بذکر اللہ پھر خواہ مخواہ نیت و نذر کی بحث میں دخل دے کر محض اپنے قیاس و رائے سے منکرین کا اس ذبیحہ کو حرام قرار دینا جس پہ ذبح کے وقت نام خدا ذکر کر دیا گیا ۔ سراسر ناانصافی اور بغض ہے یہی وجہ ہے کہ فقہاء کرام نے ذبح کے وقت قول کا اعتبار کیا ہے یا ایسے فعل کو جو عام طور پر مشرکین کرتے تھے نیت و نذر ان کے نزدیک ذبیحہ کی حلت و حرمت کے بارے میں موثر نہیں فتاویٰ شامی و فتاویٰ عالمگیری میں ہے ۔

ولو سمع منه ذكر اسم الله تعالىٰ لكنه عنىٰ بالله
عزوجل المسيح عليه السلام قالوا توكل الا اذا الفى فقال
بسم الله الذى هو ثالث ثلثة فلا يحل اھ ۔

(فتاویٰ عالمگیری ص ۲۸۵ جلد ۵)

ترجمہ :۔ اگر نصرانی سے ذبح کے وقت اللہ تعالیٰ کا نام سنا گیا لیکن اس نے لفظ اللہ سے مسیح علیہ السلام کا ارادہ کیا تو مشائخ نے کہا ہے کہ ذبیحہ کھایا جا سکتا ہے مگر جبکہ وہ یہ تصریح کر دے کہ بنام اس خدا کے ذبح کرتا ہوں جو تین خداؤں میں سے ایک ہے تو

Marfat.com

اب ذبیحہ حلال نہ ہوگا۔ اب غور کیجیے کہ نیت کس قدر مشرکانہ ہے کہ لفظ سے مسیح علیہ السلام کا ارادہ کیا گیا ہے باوجود اس کے عام طور پر فقہاء کرام ایسے ذبیحہ کی حلت کا فتویٰ دے رہے ہیں فلاں ولی کی بکری اور فلاں شیخ کی گائے کی صورت میں صرف نامزدگی ہے لیکن ذبح کے وقت اللہ کا نام ذکر کیا گیا ہے اور وہی اس کی مراد بھی ہے پس وہ صورت جو شامی اور عالمگیری میں ذکر کی گئی ہے نیز ہے کہ وہاں عین ذبح کے وقت لفظ اللہ سے غیر اللہ مراد لیا جا رہا ہے۔ جب یہ ذبیحہ تک فقہاء کے نزدیک حلال ہے تو وہ ذبیحہ جس کے متعلق سوال کیا گیا ہے کیونکر حلال نہیں ہوگا اب اس سے بڑھ کر تصریح سنیے فتاویٰ عالمگیری میں ہے۔

مسلم ذبح شاۃ المجوسی لبیت نارھم او الکافر لاصنمھم توکل لانہ سمی اللہ تعالیٰ کذا فی التتارخانیہ نافلا عن جامع الفتاویٰ۔ اھ فتاویٰ عالمگیری ص ۲۸۶ جلد پنجم

ترجمہ:۔ مسلمان نے آتش پرست کی بکری ان کے آتشکدہ کے لئے یا کسی کافر کی بکری ان کے بتوں کے لئے ذبح کی تو وہ (حلال ہے) کھائی جائیگی کیونکہ مسلمان نے ذبح کے وقت اللہ تعالیٰ کا نام لے لیا ہے ایسا ہی تتارخانیہ میں جامع الفتاویٰ سے منقول ہے۔

دیکھیے آتش پرست اور کافر کی بکری خاص آتشکدہ اور بتوں کے لئے ذبح کی جا رہی ہے باوصف اس کے فقہاء کرام اس کے حلال ہونے کا فتویٰ محض اس بنا پر صادر فرما رہے ہیں کہ ذبح کے وقت اللہ کا نام ذکر کر دیا گیا ہے جب کہ ایسا ذبیحہ جس میں نیت محض مشرکانہ اور غیر اللہ کی نذر کے ساتھ بتوں کا تقرب بھی ہے محض اللہ کا نام عند الذبح لینے سے فقہاء کرام کے نزدیک حلال ہے تو اس سے صراحۃً معلوم ہوا کہ وہ حلت ذبیحہ کے بارے میں عند الذبح ذکر اللہ کو کافی سمجھتے ہیں۔

Marfat.com

اور نیت و نذر کو اس باب میں کوئی دخل نہیں دیتے وہ صرف منطوق قرآن کریم کے پابند ہیں۔ اور اس سے محض اس قدر سمجھا جاتا ہے کہ وہ ذبیحہ حرام ہے جس میں غیر اللہ کا ذکر بلند آہنگی کے ساتھ ہو نیت و نذر کو جب قرآن نے دخل نہیں دیا تو فقہاء کرام اپنی جانب سے محض قیاس و رائے کی بنا پر نیت و نذر کا اضافہ کر کے ایک حلال ذبیحہ کو کیونکر حرام کر سکتے ہیں وہ منطوق قرانی سے نہیں کرنا چاہیئے اسی وجہ سے نیت و نذر اور تقرب غیر اللہ کی صورتوں کو لکھکر جنہیں عند الذبح اللہ کا نام ذکر کیا گیا ہے قرآن کے اطلاق کو انہوں نے ذہن نشین کیا ہے یہ مسئلہ کہ نیت و ارادہ حلت و حرمت ذبیحہ میں دخل نہیں۔ عام کے نزدیک اس قدر طے شدہ ہے کہ اس پر امام رازی تفسیر کبیر میں ایک اعتراض وارد کر کے اس کا جواب اس طرح دیتے ہیں۔

الثالث ای الاعتراض ... الثالث ان النصرانی اذا سمی اللہ تعالیٰ و انما یرید بہ المسیح فاذا کانت ارادتہ لذلک لم تمنع حل ذبیحتہ مع انہ یھل بہ لغیر اللہ فکذلک ینبغی ان یکون حکم اذا ظہر ما یفسرہ عند ذکر اللہ و ارادتہ المسیح والجواب عنہ انا انما کلفنا بالظاھر لا بالباطن فاذ ذبح علی اسم اللہ وجب ان یحل ولا سبیل لنا الی الباطل۔ اھ تفسیر کبیر جلد دوم

ترجمہ:۔ تیسرا اعتراض یہ ہے کہ جب نصرانی اللہ تعالیٰ کا نام لے کر مسیح علیہ السلام کا ارادہ کرے یہ نیت اور ارادہ ذبیحہ کے حلال ہونے میں مخل نہیں باوصف اس کے کہ وہ غیر اللہ کا ارادہ کر رہا ہے تو چاہیئے کہ اس کا حکم بھی یہی حلت کا ہو جبکہ دل کی بات ظاہر کر دے (اور صراحتہً مسیح علیہ السلام کا نام لے لے) اس کا جواب یہ ہے کہ ہم ظاہر کے ساتھ مکلف ہیں نہ کہ باطن کے ساتھ پس جبکہ

Marfat.com

وہ ذبح کے وقت اللہ کا نام لے رہا ہے تو واجب کہ ذبیحہ حلال ہو اور باطن پر اطلاع ہمارا کام نہیں۔

اس سے معلوم ہوا کہ ذبیحہ کی حلت و حرمت کا مدار ظاہر پر ہے نہ کہ باطن پر بعض اکابر تابعین عطا بن ابی رباح مکحول شامی، حسن بصری، عامر شعبی اور افضل التابعین سعید بن المسیب تو ظاہر کو بھی باطن کی طرح نظر انداز کرتے ہیں ان کے نزدیک صرف وہ ذبائح حرام ہیں جو بتوں پر چڑھائے جائیں اور ان کے سامنے ذبح کیے جائیں وہ کہتے ہیں۔ وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ سے مراد مَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ ہے پس جو ذبائح بتوں کے سامنے کئے جائیں گے صرف وہی حرام ہوں گے باقی ہر قسم کے ذبائح ان کے نزدیک حلال ہیں یہاں تک کہ اگر ذبح کے وقت کوئی نصرانی مسیح علیہ السلام کا نام بھی ذکر کر دے (حضرت ذبح کی نیت بجائے خود رہی) تو وہ ذبیحہ بھی حلال ہے تفسیر کبیر جلد دوم میں امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

من الناس من زعم ان المراد بذلك ذبائح عبدة الاوثان الذين كانوا يذبحون لاوثانهم كقوله تعالىٰ وما ذبح على النصب واجازوا ذبيحة النصرانى اذا سمى عليها باسم المسيح وهو مذهب عطاء ومكحول والحسن وشعبى وسعيد بن المسيّب

اھ تفسیر کبیر۔ جلد دوم

ترجمہ۔ بعض لوگوں کا یہ خیال ہے کہ وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ سے وہ ذبائح مراد ہیں جو مشرکین بتوں پر چڑھاتے تھے جیسے کہ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ یعنی وہ جانور حرام ہیں جو بتوں پر چڑھائے گئے ہوں ان حضرات نے اپنے اسی خیال پر نصرانی کے اس ذبیحہ تک کو حلال قرار دیا ہے جس پر مسیح کا نام ذکر کیا جائے یہ مذہب عطاء ابن رباح مکحول حسن بصری شعبی سعید بن المسیب کا ہے یہ حضرات

Marfat.com

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہ کو بھی حلال کہتے ہیں جس طرح عہد حاضر کے بعض علماء (جن میں یہ حضرات مفتیین بھی شامل ہیں) مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہ کو بھی اندرونی نیت کی بناء پر حرام قرار دیتے ہیں۔ یہ ہر دو گروہ جو اعتدال سے متجاوز اور منطوق قرآن سے انحراف کرنے والے ہیں ان کے مقابلہ میں مذہب اعتدال ہے اور وہی مذہب جمہور علماء کرام و آئمہ عظام و امام مالک و امام شافعی و امام اعظم اور ان کے اصحاب کا ہے وہ کہتے ہیں کہ جب عند الذبح مسیح علیہ السلام کا نام ذکر کر دیا گیا تو وہ مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہ کا مصداق ہو گیا لہٰذا وہ یقیناً حرام ہے اور ذبح کے وقت اللہ تعالیٰ کا نام ذکر کرنے کے بعد ذبیحہ حلال ہے کیونکہ یہ مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہ کے افراد میں سے نہیں ہے۔ جبکہ اس کے افراد میں سے نہ ہوا تو اس کے حلال ہونے میں کیا شک و شبہ ہے اب خواہ نیت کچھ بھی ہو قرآن کریم سے جس قدر سمجھا جاتا ہے اس کے سختی کے ساتھ یہ حضرات پابند ہیں نہ پہلے گروہ کی طرح حرام کو حلال کہتے ہیں نہ دوسرے طائفہ کی طرح حلال کو حرام قرار دیتے ہیں قرآن کریم نے مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہ کو حرام قرار دیا ہے یہ حضرات بھی اسکو حرام سمجھتے ہیں اس ارشاد حق تعالیٰ کو دوسرے ارشاد وَمَا ذُبِحَ عَلَی النُّصُبِ پر حمل کر کے اس کی حلت پر جنون نہیں رہتے جیسا کہ پہلے گروہ نے کیا ہے اور جب قرآن سے بتوں کے ذبائح کے سوا صرف وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہ کی حرمت ثابت ہے تو وہ اس سے تجاوز کر کے مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہ کو اندرونی نیت و نذر غیر اللہ و نامزدگی کے باعث حرام کی فہرست میں داخل نہیں کرتے جیسا کہ دوسرے طائفہ نے کیا ہے۔ تفسیر کبیر میں مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہ کے تحت علامہ فخر الدین الرازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

وقال مالک و شافعی و ابو حنیفہ و اصحابہ لا یحل ذلک والحجۃ فیہ انھم اذا ذبحوا علی اسم المسیح فقد اھلوا بہ لغیر اللہ فوجب ان یحرم۔ اھ تفسیر کبیر۔ جلد دوم۔

Marfat.com

ترجمہ :۔ آئمہ ثلاثہ امام مالک وشافعیؒ وامام ابوحنیفہ اور امام ابو حنیفہ کے اصحاب کہتے ہیں کہ ذبیحہ یعنی نصرانی عند الذبح مسیح کا نام ذکر کرنے سے حلال نہیں ہے اور اس کی دلیل یہ ہے کہ جب انہوں نے ذبح کے وقت مسیح کا نام ذکر کر دیا تو انہوں نے غیر اللہ کا اھلال یعنی بلند آہنگی کے ساتھ غیر اللہ کا ذکر کر دیا۔ اس لئے ضروری ہے کہ یہ ذبیحہ حرام ہو جاتا ہے۔

ان تصریحات سے معلوم ہوا کہ جمہور علماء کرام و فقہاء عظام کے نزدیک ذبیحہ کی حلت وحرمت کا مدار ذکر وعدم ذکر پر ہے نہ کہ کسی دوسری شئے پر خواہ نذر ہو خواہ نامزدگی۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے جو منقول ہے اس نے اس مسئلے کو نہایت واضح کر دیا ہے تفسیر کبیر جلد دوم میں ہے۔

روی عن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ انہ قال اذا سمعتم الیھود والنصاریٰ یھلون لغیر اللہ فلا تاکلوا تسمعونھم فکلوا فان اللہ تعالیٰ قد اُھِلَّ ذبائحھم وھو یعلم ما یقولون۔ تفسیر کبیر جلد دوم

ترجمہ :۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے منقول ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ جب یہود و نصاریٰ سے ذبح کرتے وقت یہ سنو تو کھاؤ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ان کے ذبائح کو حلال قرار دیا ہے اور جب وہ کہتے ہیں اس کو اللہ خوب جانتا ہے۔

اصل یہ ہے کہ اھلال کی لغوی اور اصلی معنی رفع الصوت کے ہیں اور اس کے جمیع استعمالات میں یہ ایک قدر مشترک ہے کسی امر باطن و مخفی پر اھلال کا اطلاق نہیں ہوتا حتیٰ کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے جامع میں کتاب الحج میں فرمایا ہے۔

الھلال کلہ من الظھور واستھل المطر خرج من السحاب وما اُھِلَّ

Marfat.com

لِغَیْرِ اللّٰہِ بِہٖ وھو من استھلال الصبی۔ ص ۲۱۱۔ جلد ۱
اور قاموس جلد چہارم میں ہے۔ استھل الصبی رفع الصوت
بالبکاء کا ھل۔ اھ قاموس ص ۵۴ جلد ۴
اور منتھی الارب میں ہے۔" اہلال برآمدن مادِ نو و بآواز گریستن
کودک و برداشت تلبیہ وجز آں آواز را ومنہ قولہ تعالیٰ وَمَا اُھِلَّ
بِہٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ۔ ای نودی علیہ لغیر اسم اللّٰہ منتھی الارب ص ۸۱۴ ج ۴
ان تصریحات میں اندرونی نیت ونا مزدگی کی کہاں گنجائش ہے اسی وجہ
سے تمام سیر قدیمہ میں جن پر کہ اعتماد ہے لفظ اھلال کی تشریح بالاتفاق رفع
الصوت بذکر اللّٰہ کے ساتھ کی گئی ہے جس کا اعتراف حضرت شاہ عبدالعزیز
رحمۃ اللّٰہ علیہ تک ہے لیکن باوصف اس کے وہ اھلال کے بجائے نیت ونا مزدگی
کو اصل قرار دیتے ہیں اور قرآن مجید میں بجائے لفظ اھلال وارد ہونے کے
متعلق اپنے فتویٰ میں. ارشاد فرماتے ہیں۔

و اما ما وقع فی البیضاوی وغیرہ من التفاسیر انھم قالوا وما
اھل بہٖ لغیر اللّٰہ ای ما رفع الصوت بہٖ عند ذبحہ للصنم
فمبنی علی ما جری عادۃ للمشرکین فی ذلک الزمان کانوا تخلصین
فی الکفر و کانوا اذا قصدوا التقریب بذبح بھیمۃ الی
غیر اللّٰہ ذکروا علیھا عند الذبح اسم ذلک الغیر بخلاف
مشرکی المسلمین فانھم یخلطون بین الکفر والاسلام فیقصدون
التقریب بالذبح الی غیر اللّٰہ ویذکرون اسم اللّٰہ تعالیٰ
علیھا وقت الذبح فالاول کفر صریح والثانی کفر صورۃ
الاسلام وکانوا یعتقدون لا طریق للذبح الا ھذا سواء
کان للّٰہ ولغیر اللّٰہ۔ فتاویٰ عزیزیہ (فارسی)

مطلب یہ ہے کہ حق تعالیٰ کا مقصد تو یہ ہے کہ وہ ذبیحہ بھی حرام ہے

Marfat.com

جس پر غیر اللہ کی نیت یا نذر ہو لیکن ایسا عام لفظ جو اس کو بھی شامل ہوتا اس وجہ سے نہیں لایا گیا کہ قدیم مشرکین کا طریق ذبح مخصوص و مخلصانہ سمجھا جاتا تھا۔ ایسی صورت کوئی نہیں ہوئی تھی کہ دل میں نیت غیر اللہ کی ہو اور زبان پر اللہ کا ذکر ورنہ پھر لفظ عام ارشاد فرمایا جاتا ہے۔

حضرت شاہ صاحب کا یہ ارشاد ہماری فہم سے بالاتر ہے کیونکہ خدائے علیم و بصیر کے نزدیک حاضر و غائب ماضی و استقبال سب ایک ہے وہ کسی زمانے کے مخصوص طریق پر اپنے کلام کو تنگ نہیں کر سکتا اس نے جب قمار کو یعنی جوا کو حرام کیا لفظ عام ارشاد فرمایا کہ جس کے احاطہ میں اگلے پچھلے تمام عہدوں کی صورتیں آگئیں روز بروز نئی قمار کی صورتیں نمودار ہو رہی ہیں وہ بھی اس کے مفہوم کے دائرے سے نہیں نکلیں گے۔ قمار کو اگر کسی مخصوص صورت پر حکم حرمت ثابت ہوتا تو وہی حرام ہوتی یا کم از کم دوسری جدید صورتوں میں شک واقع ہو جاتا ہے علاوہ ازیں ہم اس کے پابند ہیں کیونکہ النصوص تحمل علی ظواھرھا یعنی اتباع الفاظ نص کی چاہیئے نہ یہ کہ کسی مخترع منشا کے تابع نص کو کیا جاوے یوں نہ ہو تو پھر ملحد و نہ نا رفتہ و دھریین عہد کے تصرفات کا باب کھل سکتا ہے کہ وہ ہر ایک نص نے ایک سبب یا منشاء قائم کر کے الفاظ نص میں عموم یا خصوص پیدا کرنے لگیں یہی وجہ ہے کہ فقہاء کرام رحمہم اللہ نے لفظ اھلال کے لغوی معنی سے کہ اسی کا اعتبار ہے مثل سر کے بال کے کبھی تجاوز نہیں کیا اور اسی قسم کی رقیق تاویلات سے ان کا دامن ہمیشہ پاک رہا اور الٰہی لفظ کے ماتحت انہوں نے جزئیات قائم کئے۔ جناب مولوی اشرف علی تھانوی صاحب نے اس کے متعلق نہایت عجیب تحقیق فرمائی ہے۔

چنانچہ تھانوی صاحب اپنی تفسیر میں فرماتے ہیں۔

اکثر مفسرین نے اُھِلَّ کی تفسیر ذبح علی اسم غیر اللہ کی ہے معلوم

Marfat.com

ہوا کہ وہی جانور مراد ہے جس کو بجائے بسم اللہ غیر اللہ کا نام لے کر ذبح کیا ہو۔ جواب اس کا یہ ہے کہ اس سے حصر لازم نہیں آتا بلکہ یوں کہا جائے گا کہ اس حرام کی ایک فرد یہ بھی ہے چونکہ جاہلیت میں اس کا زیادہ رواج تھا اس لئے یہ تفسیر کر دی گئی۔ غایت ماضی الباب یہ تفسیر دوسرے فرد سے ساکت رہے گی جو اس میں کچھ ضرر نہیں۔ جبکہ اور دلائل حرمت کے موجود ہیں جن میں ایک تو یہی آیت ہے کیونکہ اھلال لغتِ عام ہے مطلق نامزد کر دینے میں آپ کے ارشاد کا یہ جملہ کہ کیونکہ اھلال لغت عام ہے مطلق نامزد کر دینے میں) خصوصیت کے ساتھ یاد رکھنے کے قابل ہے۔

تصریحاتِ بالا سے ناظرین کو واضح ہو گیا ہو گا کہ اھلال کے معنی لغتاً ہرگز مطلق نامزد کر دینے کے نہیں ہے اور اگر یہ تسلیم بھی کیا جائے تو پھر دوسرا فرد بھی لغتاً آیت کے تحت میں آ گیا اس سے سکوت کا مطلب جو حضرات الفاظ نص سے تجاوز کر جاتے ہیں ان کو قیاس آرائیاں بھی عجیب ہوتی ہیں حضرت شاہ صاحب اندرونی نیت کی بناء پر ذبیحہ کو حرام ارشاد فرما کر جو ہنوز ذبیحہ بھی نہیں ہوا ہے اور اس وجہ سے اس کو ذبح کہنا بھی مجاز ہے اپنے فتوی اور تفسیر میں ارشاد فرماتے ہیں۔

ہر گاہ ایں خبث در وے سرایت کرد دیگر بذکر نام خدا حلال نمی شود مانند سگ و خوک اگر بنام خدا مذبوح شوند حلال نمی گردند۔ تفسیر عزیزی ص ۶۱۰ پارہ دوم

اس تشریح سے حضرت شاہ صاحب کا مقصد یہ ہے کہ اگر کوئی ایسی ذبیحہ کی حرمت ہر ایک جس میں نیت غیر اللہ کی ہو اور عند الذبح اللہ کا نام ذکر کر دیا جائے تو یہ شبہ کر کے کہ اللہ کے نام کے ذکر کر دینے کا یہی تو ہونا چاہیئے گو کہ نیت فاسد سہی۔ تو اس کو اس طرح رفع فرماتے ہیں کہ وہ مثل سگ و

Marfat.com

خوک کے ہوگیا جس طرح ان میں نام خدا کا ذکر ان کی حلت کا موجب نہیں اس طرح یہ ذبیحہ قبل الذبح حرمت کی حیثیت سے خوک وسگ کے افراد میں شامل ہوگیا گو کہ اس کی صورت گائے یا بکری کی ہے لیکن اس میں جو حرج ہے وہ ظاہر ہے کہ ایسا ذبیحہ اگر کسی کی میراث میں آگیا اور اس کو بنیت کا علم یا وصف اشتہار نہ ہوا تو وہ ایسے خوک وسگ کو جس کی صورت بکری و گلئے کی ہے اللہ کا نام ذکر کرکے ذبح کردے گا۔ اب اس قسم کے حرام ذبیحوں اور اکل حرام سے بچنا قیامت ہے حق تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّينِ مِنْ حَرَجٍ الاٰیۃ۔ پارہ ۱۷ ع ۱۷

اور اس سے بڑھ کر کیا حرج ہوگا اور اگر وارث کی لاعلمی پر وہ ذبیحہ بھی حلال ہوسکتا ہے تو پھر اندرونی نیت و نذر کی لاعلمی پر وہ ذبیحہ بھی حلال ہونا چاہیئے جن کے حرمت کا فتوی ان حضرات نے دیا ہے اور نیت و نذر کو کالعدم قرار دینا چاہیئے جیسا کہ فقہاء کرام اور جمہور علماء کرام نے کیا ہے۔ جناب مولوی اشرف علی تھانوی نے جب دیکھا کہ عام طور پر فقہاء کرام نے ارشاد فرمایا ہے کہ ان المراد علی القصد عند ابتداء الذبح۔ جیسا کہ شامی اور بحر الرائق وغیرہ میں مذکور ہے تو پہلی نیت اگر اس کو دخل بھی ہے تو وہ دوسری نیت سے منسوخ ہوسکتی ہے تو حضرت شاہ کی تجویز میں ترمیم کرتے ہیں (البتہ اگر اس طرح نامزد کرنے کے بعد اس سے توبہ کرلی پھر وہ حلال ہوجاتا ہے) مطلب یہ کہ اگر توبہ کے بعد پھر اس سے منحرف ہوجائے تو وہ پھر حرام ہوجائے گا۔ اور بکر تینوں کے گوناں گوں۔

تبدیلی سے صدہا بار سگ وخنزیر ہوکر بدستور پھر حلال بکرا بن سکتا ہے دیکھئے نفس سے ادنیٰ تجاوز کرنے سے کیا کیا بوالعجب صورتیں پیدا ہورہی ہیں۔ (یہی وجہ ہے کہ فقہاء کرام نے نفس کی پابندی کرتے ہوئے اندرونی نیت کا اعتبار نہیں کیا اور اس سے بھی معلوم ہوا کہ جس طرح نیت قابل اعتبار نہیں

Marfat.com

اس کا قبل الذبح اشتہار بھی سودمند نہیں اگر عند الذبح اس کا اظہار ہو جاوے تو اس کا فقہاء کرام اعتبار کرتے ہیں لیکن بغیر اعلان و اظہار کا بھی اعتبار نہیں کرتے دیکھئے یہ حکم کس قدر معقول و مؤید بالدرایت ہے کہ ذبح کے پیشتر حلال جانور حلال ہی رہتا ہے سگ و خنزیر نہیں بنتا نہ حیال کے تبدیل سے بدلتا ہے جو کچھ اس کی حلت و حرمت ہوگی وہ ذبح کے وقت ہوگی بس وحلت و حرمت کا مدار عند الذبح امر ظاہر پر رکھتے ہیں۔ نہ کہ امر باطن پر اور اس میں جو غیر محدود مصالح ہیں ان کا احاطہ نہیں ہو سکتا۔ اور اس خلاف میں جس قدر مفاسد ہیں وہ بھی حد حصر و شمار سے خارج ہیں۔ فقہاء کرام کا یہ مسلک اس پر مبنی ہے کہ مدار الاحکام علی الظاھر (البتہ امر ظاہر میں وسعت ہے خواہ وہ فعل ہو یا قول جن کی تصریح نص قرآن میں آچکی پہلی صورت ما اُھِلَّ بہٖ لغیر اللہ اور دوسری صورت مَا ذُبِحَ عَلَی النُّصُبِ۔ یعنی جو جانور بتوں کے نزدیک ذبح کیا جاوے پہلی صورت میں قول ہے اور دوسری صورت میں فعل یعنی ایسا فعل جو اپنی ہیئتِ کذائیہ سے غیر اللہ کی تعظیم کا منظر پیش کر رہا ہے اس صورت میں فقہاء کرام نیت تو کیا قول تک کا اعتبار نہیں کرتے کہ فعل کا درجہ قول سے بڑھا ہوا ہے بتوں کے سامنے جانور کا ذبح کرنا ایسا فعل ہے جس سے بتوں کی بغایت تعظیم سمجھی جاتی ہے اور یہی غایت تعظیم شرع میں عبادت قرار دی گئی ہے پس جبکہ صراحۃً بتوں کی عبادت کا منظر سامنے آگیا تو اب دل میں اللہ کی عبادت کی نیت کرنا یا اس کی نذر کرنا حتیٰ کہ زبان تک اللہ کا نام لینا اس منظر شنیع کا کیا تدارک کر سکتا ہے۔ وحدہٗ لاشریک لہٗ کی اپنے فعل سے توہین کر دی محض نیت و ذکر سے اس نقصان کا کیا۔ جبر ہو سکتا ہے بلکہ ایسی حالت میں خدا تعالیٰ کی عبادت کی نیت اور اس کا ذکر خدا تعالیٰ کے ساتھ ایک مذاق ہے اور اس کا درجہ بت سے پست کرنا ہے کہ فعل کا جو ظاہر ہے وہ محسوس ہے بت کے ساتھ اور اندرونی نیت۔ محض زبانی جمع اللہ تعالیٰ کے ساتھ یہ بات کسی طرح شایان شانِ

Marfat.com

معبودِ حقیقی کے نہیں۔ ایسی حالت میں خدا تعالیٰ کا نام ذکر کرنے کے بعد بھی ذبیحہ حرام قرار پائے گا جس کے متعلق عقل بھی یہی فیصلہ کرتی ہے اور نص بھی صراحۃً پوری اطلاق کے ساتھ وارد ہوگئی ہے اب منظر جہاں متحقق ہوگا فقہاء کرام حرمتِ ذبیحہ کا حکم پورے اطلاق کے ساتھ صادر فرمائیں گے جس طرح قرآن میں ہے۔ مَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ (الایۃ پارہ ۶ رکوع ۵) یہ عام ہے خواہ ذبائح پر نام خدا ذکر کیا گیا ہو یا نہ کیا گیا ہو اس کا حکم نصِ قرآنی میں یہ ہے کہ حُرِّمَ عَلَيْكُمُ یعنی ایسا ذبیحہ حرام ہے۔ فقہاءِ کرام بھی اس کی اتباع کرتے ہوئے اس کے قائل ہیں اور اس کی تصریح کرتے ہیں کہ ایسی حالت میں نام خدا بھی اگر ذکر کیا جائے تو ذبیحہ حرام ہے لیکن شرط یہ ہے کہ فعل سے ایسا منظر پیش نظر ہو جائے جو مَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ کا صحیح مصداق ہو فقہاء کرام کے نزدیک ایک صنم کا انحصار سنگ کی مخصوص صورتوں میں نہیں ہے بلکہ ہر ایک غیر اللہ جس کی تعظیم اور پرستش اللہ تعالیٰ کی طرح کی جائے وہ ان کے نزدیک صنم و نصب کا مصداق ہے خواہ وہ کوئی بھی ہو کوئی بادشاہ امیر ہو یا کوئی مذہب ہو وہ وہ کسی کا استثناء نہیں کرتے۔ بناءً علیہ وہ تصریح کرتے ہیں کہ وہ ذبائح حرام ہیں جو قبور کے سامنے ذبح کئے جائیں نہ کہ اس وجہ سے کہ یہاں کوئی اندرونی نیت فاسد ہے یا فاسد نیت کا پہلے اشتہار ہوا ہے بلکہ اس وجہ سے حرام قرار دیتے ہیں کہ یہ فعل مشرکین کے افعال کے ساتھ پوری مشابہت رکھتا ہے اور اس فعل سے بداھتہً تعظیم تبر سمجھی جاتی ہے ایسی حالت میں اگر ذابحین کی نیت نیک بھی ہو اور وہ خاص اللہ تعالیٰ کے لئے ہی ذبح کریں اور ساتھ اس کے اللہ تعالیٰ کا نام بھی ذکر دیں تب فقہاءِ کرام اس ذبیحہ کو حرام قرار دیں گے ذبیحہ کی حلت و حرمت میں اگر محض نیت کو دخل ہوتا تو وہ ایسے ذبیحہ کو حلال سمجھتے ہیں حالانکہ تمام فقہی کتابیں ایسے ذبیحہ کی حرمت کا فیصلہ کر رہے ہیں جیسا کہ در مختار وغیرہ کی تصریحات ہیں کہ ایسا ذبیحہ ذبح کے وقت خدا

Marfat.com

تعالیٰ کا نام ذکر کرتے پر بھی حرام ہی ہوگا اندرونی نیت بجائے خود رہی محرمین ذبیحہ حلال بھی اس ذبیحہ کو حلال نہیں کہتے اگرچہ نیت صحیح صالح ہو اور نیک ہو اور خاص خدا تعالیٰ کے لئے ذبح کیا گیا ہو پس جبکہ نیت کا یہ حضرات بھی اعتبار نہیں کرتے اور محض قبر پر ذبح ہونے کو علتِ حرمت قرار دیتے ہیں تو ان کو کیا حق ہے کہ محض قبر پر ذبح ہونے کو علتِ حرمت قرار دیتے ہیں) تو ان کو کیا حق ہے کہ محض اپنے عقلی قیاس کی بناء پر نیت و نامزدگی کو دخل دے کر ذبیحۂ حلال کو حرام قرار دیتے ہیں۔ اصل یہ ہے کہ بعض افعال بلحاظ ایسے ہیں کہ ان کو شرع مطہر نے علامتِ تکذیب و انکار قرار دیا ہے جب ان افعال کا صدور ہو جائے گا حکم و انکار و تکذیب صادر کر دیا جائے گا کہ دل میں حقیقۃً انکار و تکذیب بلکہ شرک سے آلودگی تک نہ ہو۔

شرح عقائدِ نسفی

شرح عقائدِ نسفی میں علامہ سعد الدین تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

فلو حصل هذا المعنى۔ اى التصديق القلبى لبعض الكفار كان اطلاق اسم الكافر عليه من جهة ان عليه شيئا من امارات التكذيب والانكار كما فرضنا ان احدا صدق عليه لجميع ما جاء به النبى صلى الله عليه وسلم و اقربه وعمل ومع ذلك شد الزنار بالاختيار او سجد للصنم بالاختيار نجعله كافرا لما ان النبى عليه السلام جعل ذلك علامة التكذيب والانكار۔

اھ شرح عقائد ص ۱۱۹

ترجمہ:۔ اگر یہ ایمان اور تصدیق قلبی بعض کافروں کو حاصل ہو جائے تو کافر کا اطلاق اس پر اس وجہ سے ہوگا کہ تکذیب اور انکار کی علامات اس میں پائی جاتی ہیں۔ مثلاً اگر ہم فرض کریں کہ کسی شخص نے ان تمام

Marfat.com

امور کی تصدیق کی جو کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لائے ہیں اور ان کی تصدیق و اقرار کیا اور ان پہ عامل بھی رہا اور با وصف ان کے اپنے اختیار سے زُنّار باندھا اور بت کو سجدہ کیا تو ہم اس کو کافر قرار دیں گے۔ کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم و آلہ و اصحابہ اجمعین نے ان امور یعنی زُنّار اور بت کے سجدے کو تکذیب اور انکار کی علامت قرار دیا ہے۔

دیکھئے تصدیق قلبی اور نیک نیتی اور اقرار لسان کوئی چیز ان میں سے اس کو مومن بنانے میں کارآمد نہ ہوئی جب کہ ایسا فعل وہ اختیار کئے ہوئے ہے کہ جو انکار اور تکذیب کی علامت ہے اسی طرح عین قدومِ امیر کے وقت جانوروں کا ذبح کرنا ایسا فعل ہے جو بداھتاً وصراحتاً اس کی غایتِ تعظیم کا منظر سامنے پیش کر دیتا ہے۔ یہ ایسا ہے جیسا کہ کسی رئیس کی آمد پر توپ اور گنّاء کی سلامی کی اس قسم کے افعال سے رئیس کی تعظیم ہی سمجھی جائے گی خواہ نیت کچھ ہی ہو اور تاویل کچھ بھی پیش کی جائے کہ توپ کے چلانے سے مقصد کیت سے گیدڑوں کا دفع کرنا تھا اس قسم کی تاویلات جس طرح یہاں مفید کار نہیں ہے اسی طرح قدوم امیر کے وقت عند الذبح خدا کا نام لینا تک اس ذبیحہ کو حلال نہیں کر سکتا جبکہ ایسا فعل نمودار ہو گیا جو تعظیم امیر پر دلالت کرتا ہے اسی منظر تعظیم کی طرف اشارہ کرنے کے لئے فقہائے کرام عام طور پر یہ جملہ ارشاد فرماتے ہیں۔

لو ذبح عند قدوم الامیر

یہ کہیں بھی تحریر نہیں کیا کہ

لو ذبح لِلامیر

کیونکہ محض امیر کی خاطر جانور ذبح کرنا اور شئے ہے اور اس کے لیئے استقبال کے وقت اس کے سامنے دھڑا دھڑ جانوروں کا ذبح ہونا بالکل وہ

Marfat.com

منظر پیش کر دیتا ہے جو مشرکین بتوں کے سامنے کیا کرتے تھے۔ اسی وجہ سے فقہاء کرام نے اس صورت کو مَا ذُبِحَ عَلَی النُّصُبْ کے افراد میں شامل کر کے الاطلاق حرمت کا حکم صادر فرمایا۔ یہاں سوال نیت کا نہیں ہے بلکہ یہاں مدنظر فعل ہے محرمین ذبیحہ حلال کو یہ محسوس فعل نظر نہیں آیا اور اس سے انہوں نے علت و حرمت کے بارے میں نیت اور نامزدگی اختراع فرمائی اور اس بناء پر غیر اللہ کے نامزد جانور کو حرام ارشاد فرما گئے۔ جس پر عند الذبح اللہ کا نام ذکر کیا گیا اور فرمانے لگے کہ یہاں ذکر اللہ بھی مفید نہیں ہے ہم کہتے ہیں کہ یہاں آپ کی نیت صالح بھی مفید نہیں ہے۔ صورتِ مسئولہ میں آپ کے زعم کے مطابق حلتِ ذبیحہ میں نیت مؤثر تھی لیکن یہاں نیت بھی مؤثر نہیں ہے۔ ورنہ صاف ارشاد فرمایا جیسے کہ ذبح علی القبور اور ذبح عند قدوم الامیر کے وقت اگر نیت خالص اللہ تعالیٰ کے لئے ہے تو وہ ذبح حلال ہے اور اگر ایسا ارشاد فرمانے میں اس وجہ سے تامل کریں کہ یہاں فعل نے نیت اور ذکر سب کو کالعدم قرار دے دیا ہے تو اس صورت نے آپ کے اس کلیہ کو بھی درہم برہم کر دیا

مدار حلت وحرمت ذبیحہ وقصد ونیت ذابح است

باوصف اسی کے آپ حضرات کی معصومیت ہے کہ دُرّ المختار اور ملفوظات حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ الیسی لقربحات قلم بند فرما گئے جو بجائے آپ کے ارباب حق کو مفید ہو گئی جو کہتے ہیں کہ بعض صورتوں میں مدار قول پر ہے اور بعض میں مدار فعل پر ہے اور اس وجہ سے ذبح مسئولہ حلال ہے اس کے علاوہ اس صورتِ مفروضہ پر غور کیجئے کہ ایک شخص نے خالصتاً لِلّٰہ تعالیٰ ایک جانور ذبح کرنے کا ارادہ کیا اور عند الذبح سہواً غیر اللہ کا نام آہستگی سے بلند آواز میں نکل آیا۔ فرمایئے کہ یہ حلال ہے کہ حرام اگر حرام ہے تو نیت کالعدم ہو گئی جو محرمین ذبح حلال کے نزدیک حلت وحرمت کا مدار نیت پر تھا دوسرا یہ کہ اہلال بہ معنی نیت و نامزدگی نہ رہا بلکہ بہ معنی

Marfat.com

رفع صوت رہے گا۔ جس کے فقہاء کرام اور اربابِ حق قائل تھے اور اگر اس کو حلال ارشاد فرماتے در آں حالیکہ آپ حضرات کے سوا تمام اُمتِ محمدیہ کا اتفاق ہے کیونکہ یہ مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ کا مصداق ہے تو پھر جس طرح ذبح مسئولہ کو جو حلال ہے آپ نے اس کو حرام قرار دیدیا ہے۔ اسی طرح اس ذبح کو جو بہ مصداق آیتِ کریمہ کے حرام ہے حلال قرار دیدیجئے تاکہ یہ حلت آپ کی حرمت کا کفارہ ہو جائے اور اگر آپ یہ ارشاد فرمادیں کہ نیت صرف حرام کر سکتی ہے حلت میں اس کو دخل نہیں تو پھر آپ کی یہ اصل غلط ہو جائے گی کہ "مدار حلت وحرمت ذبیحہ پر قصد و نیت ذابح ہست" اس قسم کی دشواریاں ان کو پیش آتی ہیں جو جادۂ حق سے منحرف ہو جائے۔ فقہاء کرام اور ان کے متبعین اربابِ حق کو کوئی مشکل درپیش نہیں ان کے نزدیک ہر دو آیۃ کریمہ یعنی۔

مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ اور مَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ

دونوں عام مطلق ہیں۔ ان ہر دو آیت کے ماتحت انہوں نے مدار قول اور فعل پر رکھا ہے۔ جب نیت کا آیات میں ذکر ہی نہیں ہے تو وہ اس کا کیوں لحاظ کرتے ہیں۔؟ اور جب لحاظ نہیں ہے تو نیت کے مطابق اور عدم مطابق کا سوال ہی درمیان سے اٹھ جاتا ہے اب صرف واقعہ کی صورتحال باقی رہ جاتی ہے اور اس میں کوئی دشواری نہیں جو ہر دو آیت کی بناء پر ہے تمام خلفشار دور ہو جاتا ہے اور فقہائے کرام کی عبارات میں تناقض باقی نہیں رہتا اسی طرح ایک دوسرا تناقض بھی اٹھ جاتا ہے۔ فقہاء کرام نے نذر غیر اللہ کو حرام قرار دیا ہے ایسا کرنے والے کو ملعون تک لکھدیا ہے ایسے فعل کو وہ شرک بھی لکھتے ہیں۔ باوصف اس کے اس ذبح کو حلال کہتے ہیں۔ جس میں اللہ کا ذکر ہو اور لفظ اللہ سے مراد مسمیٰ ہو ان کے نزدیک وہ ذبح بھی حلال ہے جس میں مسلمان اللہ کا نام لینے والا محض آلۂ کار ہو اور نیت نذر کافر کی جس کی تقریحات گذر چکیں یہ کیا تناقض وغلط مبحث ہے نہ تناقض، البتہ محرمین ذبیحہ حلال نے ضرور غلط بحث کیا ہے

Marfat.com

اور تناقض ان کی فہم کی بناء پر ہے کہ واقع میں فقہائے کرام فقہاء ہیں۔
وہ فعل اور عین میں فرق کرتے ہیں ذبح اور ذبیحہ کو ایک نہیں سمجھتے ذبح
ذابح کا فعل ہے، ذبیحہ ذابح کا فعل نہیں ہے بلکہ وہ ایک عین قائم بالذات
ہے۔ ان کے نزدیک ذبیحہ کی حلت و حرمت اور چیز ہے اور خود ذابح کا
فعل غیر اللہ یا اللہ کیلئے ذبیح یا نذر للہ یا غیر اللہ دوسری چیز ہے۔ جب ذابح
کے فعل سے بحث کریں گے تو اس کے متعلق احکام ذکر کریں گے اور ذبیحہ کی
حلت و حرمت یا اس کے اکل کی حلت و حرمت کو نظر انداز کر دیں گے اسی
طرح جب حلت و حرمت کی ذبیحہ پر قلم اٹھائیں گے تو ان کے پیش نظر صرف
ذبیحہ ہوگا فعل ذابح قلم نظر انداز کر دیں گے اس مقام پر عام طور سے وہ
الفاظ "یوکل اور مایوکل" ذکر کرتے ہیں تاکہ یہ ذہن نشین ہو جائے کہ
یہاں مقصد صرف اکل ذبیحہ و عدم اکل ذبیحہ ہے۔ فعل ذابح سے بحث
نہیں کہ وہ حلال ہے یا حرام اس کو علیحدہ مستقل طور پر ذکر کریں گے یا ایک
کو قصدی طور پر اور دوسرے کو ضمنی طریق سے ادا کریں گے لیکن دونوں کے
احکام میں خلط مبحث نہیں کریں گے اور نہ کہ ایک کا حکم دوسرے کو دیں گے
ان کی یہ عبارت تمام مسائل میں ہے۔ ایک مسئلہ فقیہہ سے یہ بات ذہن نشین
ہو سکتی ہے مثلاً کسی نے کسی دوسرے شخص کی کوئی قیمتی چیز غصب کر لی اور
بجائے اس شئے کے واپس کرنے کے اس کی قیمت ادا کر دی تو فقہاء کرام
بھی حکم صادر کرتے ہیں کہ جب غاصب نے قیمت ادا کی اور ادا کرنے کے بعد
شئے کا مالک ہو جائیگا ان کے اس فیصلہ میں نکتہ یہ ہے کہ ایک شخص
دونوں چیزوں یعنی شئے اور شئے کی قیمت کا مالک نہیں ہو سکتا جب مغصوب
نے شئے کی قیمت لے لی تو بالضرور وہ شئے اس کی ملک سے نکل کر غاصب کی
ملک میں آجانا چاہیئے ورنہ پھر مغصوب عوض و معوض عنہ دونوں کا مالک ہو جائے گا
اس صورت میں عوض عوض نہ رہے گا نہ قیمت قرار پائے گی ان کے فیصلہ سے
یہ نہ سمجھنا چاہیئے کہ وہ غصب کو جائز مانتے ہیں ہرگز نہیں بلکہ ان کے نزدیک

Marfat.com

غصب بالکل ناجائز وحرام ہے لیکن جبکہ کسی نے یہ ناجائز فعل اختیار کرلیا ہے اور قیمت دیدی اور مغصوب منہ نے قیمت وصول کرلی تو اس کا حکم بیان کرنا ضروری ہے۔ غصب کے ناجائز ہونے سے غاصب کا تملک ناجائز نہیں ہوسکتا البتہ غصب کی سزا کا وہ ضرور مستحق ہے لیکن شئے کا وہ مالک ہوگیا جبکہ سابق مالک نے اس کی قیمت لے لی۔ اسی طرح نکاح فاسد، فاسد و حرام ہے لیکن، اولاد کا نسب صحیح و ثابت مانا جائے گا۔ پس اس میں کوئی استبعاد نہیں کہ نذر غیر اللہ ناجائز حرام بلکہ شرک ہے لیکن ذبیحہ حلال ہو اسی طرح ذابح کافر و مشرک ہو لیکن ذبیحہ حلال و طیب اور ذبیحہ اہل کتاب تمام فقہاء کرام حلال کہتے ہیں۔ اس سے شاید محترمین ذبیحہ حلال کو بھی انکار ہوگا حالانکہ ذابح کافر ہیں۔ ذابح کے کفر اور مشرکانہ نیت کا اثر خود اس کی ذات پر ہوگا نہ کہ ذبیحہ پر یہ حضرات یہ سمجھے ہوئے ہیں کہ فعل ذابح کا جبکہ ناجائز و حرام ہے تو ذبیحہ کو بھی ناجائز و حرام ہونا چاہیئے۔ اسی وجہ سے ذبیحہ کے حرمت کے سلسلہ میں ونذر غیر اللہ اور تقرب لغیر اللہ کی حرمت کی تصریحات بے تامل کرتے چلے گئے ہیں۔

خلاصۂ کلام

پس فعل ذابح کا مقبول ہونا یا مردود ہونا اور چیز ہے اور ذبیحہ کا کھانے کے قابل ہونا یا نہ ہونا شئے دیگر ہے اسی طرح نیت کا اثر فعل ذبح پر ہوگا نہ کہ ذبیحہ پر نیت اگر مؤثر بھی ہوتی ہے تو افعال میں نہ کہ اعیان میں کہ زندہ بکری کو سگ و خوک بنادے قبیح نیت سے افعال میں ضرور قباحت پیدا ہوگی نہ کہ یہ حیوانات کے خون بدلنے میں اس کو دخل ہوگا نیت کی اس تاثیر کو ارباب حق بھی مانتے ہیں۔ لیکن ذبح میں نہ کہ ذبیحہ میں یہ خلاف نص قرآنی ہے ان کے بال تو صرف خالص مسلم کا ذبیحہ حلال ہے جو ظاہراً و باطناً مسلم ہو اور ذبح کے وقت نہیں بلکہ خریداری کے وقت اس کی نیت خالص لوجہہ کریم ہو اور ذبح بالکل جائز ہو گویا کہ ذبح و ذابح و ذبیحہ حسن و قبح و حلت و حرمت

Marfat.com

آپس میں متلازم ہیں ۔ اس طور پر ذبائح اہل کتاب اور ذبائح منافقین سب ناجائز ہوں گے حالانکہ منافقین کے ذبائح عہدِ اقدس میں عام طور پر کھائے جاتے تھے اور اہلِ کتاب کے ذبائح کی حلت کا انکار محرمین ذبیحہ حلال کو بھی نہ ہوگا اور جب یہاں تک تنزل اختیار کرلیا جاسکتا ہے تو محض ان عبارات کے لانے سے کیا فائدہ جس میں تقرب الی اللہ کو مشرک اور ایسے تقرب کرنے والے کو مرتد اور کافر قرار دیا گیا ہے ہم بھی کہتے ہیں کہ بیشک وہ کافر نہ ہے ۔ مرتد ہے لیکن اس سے ذبیحہ کے اکل وعدم اکل کا کوئی علم نہ ہوا نہ اس میں وہ اس کی صراحت ہے صرف فعل ذابح کا حکم بیان کیا گیا ہے اور یہ بالکل صحیح ہے اب ۔ باقی مسئلہ اکل کا یعنی اس جانور کے کھانے کا تو اس کا جواب یہ ہے اگر ذبح کرنے کے وقت غیر اللہ کا نام لے کر ذبح کیا گیا تو حرام ہے اور اگر اللہ کا نام لیا ہے تو حلال ہے۔

اور یہ بھی واضح رہے کہ جس طرح حرام ذبیحہ کو حلال قرار دینا قبیح و برا ہے اسی طرح ذبیحہ حلال کو محض اپنی رائے سے حرام قرار دینا بھی قبیح و برا ہے اور سخت گناہ ہے

قارئین کرام | الحمد اللہ رب العالمین ، وما اھل بہ لغیر اللہ کا جواب باصواب بفضل اللہ ورسولہ الکریم علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام آپ کے سامنے عیاں ہوا ۔ جس سے مخالف کا بطلان اور مسلکِ حق اہلسنت وجماعت کی حقانیت ظاہر ہوئی ۔

اللہ تبارک وتعالیٰ بطفیل حبیب علیہ الصلوٰۃ والسلام اور بطفیل اولیاء کرام سب کو مذہب مہذب اہلسنت وجماعت پر قائم ودائم رکھے اور اس پر خاتمہ کرے ۔ آمین ثم آمین

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ ونور عرشہ
سیدنا ومولانا محمد وعلیٰ آلہ واصحابہ واتباعہ اجمعین

کتبہ احقر الوریٰ الفقیر محمد عبد اللہ نعیمی عفی عنہ

Marfat.com

Marfat.com

مسلک اہلسنّت کی تصانیف

خریدنے کے لئے مکتبہ مجدّدیہ نعیمیہ

جہاں

قرآن مجید، حدیث، تفسیر، سیرت،

اور

تاریخ، فقہ، نحو، اور دوسرے

تمام موضوعات پر مناسب قیمت

پر کتب دستیاب ہیں

نیز

الصافیہ شرح الکافیہ — للعلامۃ الشیخ الکامل شاہ آغا السرہندی رحمۃ اللہ علیہ

اور

بیاض نعیمی، و پیغام حق — از مفتی اعظم سندھ مفتی محمد عبداللہ نعیمی رحمۃ اللہ علیہ

:- شائع ہو چکی ہیں :-

مکتبہ مجدّدیہ نعیمیہ مدیر کراچی ۳۷

Marfat.com

مسلک اہلسنّت کی تصانیف

خریدنے کے لئے مکتبہ مجدّدیہ نعیمیہ

جہاں

قرآن مجید، حدیث، تفسیر، سیرت،

اور

تاریخ، فقہ، نحو، اور دوسرے

تمام موضوعات پر مناسب قیمت

پر کتب دستیاب ہیں

نیز

الصافیہ شرح الکافیہ — للعلامۃ الشیخ الکامل شاہ آغا السرہندی رحمۃ اللہ علیہ

اور

بیاض نعیمی، و پیغام حق — از مفتی اعظم سندھ مفتی محمد عبداللہ نعیمی رحمۃ اللہ علیہ

:- شائع ہو چکی ہیں :-

مکتبہ مجدّدیہ نعیمیہ مدیر کراچی ۳۷

Marfat.com